★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی
روزنامہ
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
وائس آف ایشیا
ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | ہفتہ 31 اکتوبر 2026ء، 17 کاتک، 19 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 234

ایک روپے کی بھی کرپشن ثابت ہوئی تو استعفیٰ دے دوں گی، مریم نواز

پنجاب کی 36 ملین کی ورک فورس کو ہنر مند بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبے میں اب تک چار لاکھ اسکلڈ ورکرز تیار کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید چھ لاکھ ہنرمند کارکن فراہم کیے جائیں گے

کرپشن کے خلاف بھرپور مہم جاری ہے، رشوت لینے والے ملازمین کو نوکری سے فارغ کیا جارہا ہے، بدعنوانی کا خاتمہ ترجیح ہے، پنجاب کا ملکی معیشت اور قومی جی ڈی پی میں نمایاں کردار ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کو ڈیجیٹل دور سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اختراعی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، صنعتوں کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ پیوٹ لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دنیا بھر میں مضبوط صنعتیں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انقلابی تبدیلیوں سے گزر رہی ہیں، پنجاب کا ملکی معیشت اور قومی جی ڈی پی میں نمایاں کردار ہے۔ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور معیاری تعلیم سے آراستہ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی 36 ملین کی ورک فورس کو ہنر مند بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبے میں اب تک چار لاکھ اسکلڈ ورکرز تیار کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید چھ لاکھ ہنر مند کارکن فراہم کیے جائیں گے۔ اسکل ڈویلپمنٹ کے تمام شعبوں کو ایک ہی چھت تلے جمع کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پنجاب میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جا رہا ہے۔ آسان کاروبار اسکیم کے تحت تقریباً 200 ارب
باقی صفحہ 3 بقیہ 18

انگوراڈہ میں پاک فوج کی جوابی کارروائی، طالبان کی کئی چوکیاں تباہ، متعدد ہلاک

جنوبی وزیرستان اور پاراچنار سے ملحقہ علاقوں میں افغان طالبان کی چوکیوں اور فوجی تنصیبات کو تباہ کیا گیا



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فوج نے انگوراڈہ میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب دیا ہے، جس کی ویڈیو بھی جاری کر دی۔ سیکیورٹی
باقی صفحہ 3 بقیہ 17

صوبے میں ہائی الرٹ ہوکر فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنا دیئے، آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت کرائم کنٹرول کے حوالے سے اہم فالواپ اجلاس، تمام ریجنز اور اضلاع کی ہفتہ وار کارکردگی کا جائزہ، پنجاب بھر میں گزشتہ ہفتے کی نسبت رواں ہفتے سنگین جرائم کی وارداتوں میں واضح کمی ریکارڈ کی گئی، ڈی آئی جی انوسٹی گیشن پنجاب کی بریفنگ

آئی جی پنجاب عبدالکریم کے حکم پر صوبہ بھر میں نماز جمعہ کے موقع پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، کاروباری مراکز اور شاہراہوں پر موثر پٹرولنگ کی گئی، پولیس افسران نے نماز جمعہ کے بعد شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے اقدامات یقینی بنائے

پاکستان پولیس ہاکی ٹیم کی چینی صوبے گوانگ ڈونگ کی ہاکی ٹیم کے خلاف سنسنی خیز مقابلے کے بعد 6 کے مقابلے میں 7 گول سے کامیابی، آئی جی پنجاب عبدالکریم کی پاکستان پولیس ہاکی ٹیم، کوچز اور آفیشلز کو شاندار کامیابی پر مبارکباد

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت کرائم کنٹرول کے حوالے سے اہم فالواپ اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا جس میں گزشتہ ہفتے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں دی گئی ہدایات کی روشنی
باقی صفحہ 3 بقیہ 21

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے جمعۃ المبارک کے موقع پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی بڑھانے کے احکامات جاری کیے۔ آئی جی پنجاب کی ہدایات پر مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، مارکیٹوں اور دیگر حساس مقامات کی سکیورٹی
باقی صفحہ 3 بقیہ 20

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) پاکستان پولیس ہاکی ٹیم نے چینی صوبہ گوانگ ڈونگ کی ہاکی ٹیم کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 6 کے مقابلے میں 7 گول سے شکست دے دی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کی زیراہتمام دونوں ٹیموں کے مابین کانٹے دار دوستانہ میچ منظور الحسن ہاکی
باقی صفحہ 3 بقیہ 19

چینی برآمد سے کسانوں کو فائدہ ہوگا، شوگر انڈسٹری مضبوط بنانے میں مدد ملے گی، اسحاق ڈار

زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی اضافہ ہوگا، وزیر اعظم کی ہدایات کے مطابق ملکی صارفین کا تحفظ یقینی بنایا جائے

قومی مفادات کے تحفظ کے لئے مسلسل سفارتی رابطے اہم، سفارتی امور پر قریبی رابطہ کاری برقرار رکھی جائے: خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار کے زیرصدارت پاکستان کی خارجہ پالیسی ترجیحات کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس وزارت خارجہ میں منعقد ہوا جس میں ملک کے جاری سفارتی روابط، اہم خارجہ پالیسی امور اور علاقائی و عالمی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران پاکستان کے دوطرفہ اور کثیر الجہتی سفارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی کوششوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ آئندہ اعلیٰ سطح سفارتی روابط اور اہم ملاقاتوں کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی جبکہ خارجہ پالیسی کے مختلف معاملات پر پیش رفت کو موثر انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ قومی مفادات کے فروغ اور تحفظ کے لئے مسلسل سفارتی رابطے نہایت اہم ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سفارتی امور پر قریبی رابطہ کاری برقرار رکھی جائے اور اہم ترجیحات کے حوالے سے بروقت پیش رفت اور مؤثر فالو اپ یقینی بنایا جائے۔ علاوہ ازیں اسحاق ڈار کی زیرصدارت اضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں کابینہ کمیٹی کو آئندہ کرشنگ سیزن تک چینی کے حتمی سٹاک کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اجلاس
باقی صفحہ 3 بقیہ 10

مولانا فضل الرحمٰن ہمارے لیے باپ کی جگہ ہیں، کیپٹن (ر) صفدر

آپ نے پارلیمنٹ میں دفاع ختم نبوت اور آئین کے تحفظ کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے علاوہ کس کو بھیجا ہے؟



چنیوٹ (خبرنگار) پنجاب کے ضلع چنیوٹ میں چناب نگر میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ 1973 کا آئین مقدس آئین ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے پارلیمنٹ میں دفاع ختم نبوت اور آئین کے تحفظ کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے علاوہ کس کو بھیجا ہے؟ پچھلے دنوں ایک
باقی صفحہ 3 بقیہ 9

لاہور میں تحریک انصاف کی تنظیمی صورتحال شدید جمود کا شکار

اندرونی اختلافات، باضابطہ دفاتر کا فقدان

ماضی میں صوبائی دارالحکومت میں پارٹی کا سب سے مضبوط قلعہ سمجھی جانے والی یہ تنظیم آج عملی طور پر مفلوج ہو کر رہ گئی

500 سے بھی کم عہدیدار عملی طور پر متحرک ہیں جبکہ باقی 4 ہزار سے زائد عہدیدار صرف کاغذوں کی حد تک موجود ہیں

لاہور (خبرنگار) لاہور میں پاکستان تحریک انصاف کی تنظیمی صورتحال اس وقت شدید جمود اور ابہام کا شکار ہے کیونکہ کبھی صوبائی دارالحکومت میں پارٹی کا سب سے مضبوط قلعہ سمجھی جانے والی یہ تنظیم آج عملی طور پر مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ مستند ذرائع، پارٹی ریکارڈ اور مقامی رہنماؤں کے موقف کے مطابق لاہور میں پارٹی کا اس وقت کوئی باقاعدہ اور مستقل آپریشنل دفتر موجود نہیں ہے۔ ماضی میں اچھرہ، ماڈل ٹاؤن، سمن آباد اور دیگر علاقوں میں بنائے گئے مرکزی دفاتر کو تالے لگے ہوئے ہیں اور تمام تنظیمی فیصلے اور مشاورت اب باضابطہ دفاتر کے بجائے ذاتی ڈیروں، ڈرائنگ رومز اور ڈیجیٹل گروپس تک محدود ہو چکی ہے۔ پارٹی کے ایک سینئر ٹکٹ ہولڈر نے بتایا ہے کہ آخری باقاعدہ تنظیمی میٹنگ کو مہینوں گزر چکے ہیں جس کی وجہ سے نچلی سطح کے کارکنوں کو یہ معلوم ہی نہیں کہ وہ کسی مسئلے یا سرگرمی کے لیے کہاں رجوع کریں۔ تنظیمی ریکارڈ کے مطابق پی ٹی آئی لاہور میں پانچ ہزار سے زائد عہدیداروں کو نوٹیفائی کیا گیا ہے، جن میں ہر یونین کونسل سے اوسطاً بیس عہدیدار شامل ہیں، مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ فیلڈ رپورٹس بتاتی ہیں کہ ان میں سے 500 سے بھی کم عہدیدار عملی طور پر متحرک ہیں جبکہ باقی 4 ہزار سے زائد عہدیدار صرف کاغذوں کی حد تک موجود
باقی صفحہ 3 بقیہ 11

محسن نقوی شی میل کی طرح چلتے ہیں، لیڈر کے بارے میں بولنے والے کو جواب تو ملے گا، کامران مرتضیٰ

میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیرداخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح چلتا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے لیڈر
باقی صفحہ 3 بقیہ 16

امریکا ایران معاہدے کے قریب، امریکی نمائندے ٹام بیرک نے قطر اور پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کرلیا

خطے کے ممالک نے واشنگٹن اور تہران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے بات چیت کا راستہ کھولنے میں مدد فراہم کی ہے، انٹرویو

کہ قطر اور پاکستان سمیت علاقائی ممالک کی سفارتی کوششیں امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی نمائندے ٹام بیرک نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کسی ابتدائی سفارتی مفاہمت کے بہت قریب پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے اس پیش رفت میں قطر اور پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے دونوں ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ کشیدگی میں مزید اضافے سے پہلے عارضی طور پر فوجی کارروائیاں روک دیں۔ گلف نیوز کے مطابق ٹام بیرک نے سی این این سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خطے کے اتحادی ممالک نے واشنگٹن اور تہران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے بات چیت کا راستہ کھولنے میں مدد فراہم کی ہے۔ انہوں نے دونوں فریقوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں
باقی صفحہ 3 بقیہ 15

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ روس کیلئے تیاریوں کا آغاز

وزیراعظم اپنے دورہ کے دوران روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات بھی کریں گے، ذرائع



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف دسمبر میں بڑے تجارتی وفد کے ہمراہ روس کا دورہ کریں گے، جس کے لیے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے دورہ روس کی تیاری پر اجلاس ہوا، جس کی صدارت وزیراعظم شہباز
باقی صفحہ 3 بقیہ 12

بجلی صارفین پر سردیوں میں بھی اضافی بوجھ پڑنے کا خدشہ

مقامی گیس کی قلت کے باعث بجلی گھروں کو گیس کی فراہمی بھی بڑا چیلنج ہوگی، سردیوں میں مقامی گیس کی محدود فراہمی کے باعث بجلی کی پیداوار متاثر ہونے کا امکان ہے

دسمبر سے فروری تک فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ میں دو سے تین گنا اضافے کا امکان ہے، ذرائع پاور ڈویژن

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاور ڈویژن نے دسمبر، جنوری اور فروری بجلی صارفین کے لیے مشکل ترین مہینے قرار دے دیے ہیں۔ بجلی صارفین پر سردیوں میں بھی مہنگی بجلی کا اضافی بوجھ پڑنے کا خدشہ ہے، دسمبر سے فروری تک فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ میں دو سے تین گنا اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ایل این جی، کوئلے اور دیگر ایندھن کی قیمتیں بجلی کی پیداواری لاگت بڑھانے لگیں جس کے سبب سردیوں میں پن بجلی کی پیداوار کم ہونے سے مہنگے ایندھن پر انحصار بڑھنے کا خدشہ ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کے مطابق مقامی گیس کی قلت کے باعث بجلی گھروں کو گیس کی فراہمی بھی بڑا چیلنج ہوگی،
باقی صفحہ 3 بقیہ 8

مکہ مکرمہ کی جانب حوثیوں کا ڈرون، سعودی اتحادی فوج کا تباہ کرنے کا دعویٰ

یمن کے حوثی گروپ نے سعودی اتحادی فوج کے اس دعوے کی تردید کردی ہے

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی اتحادی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی سمت بھیجا گیا ایک ڈرون فضائی کارروائی کے دوران تباہ کر دیا گیا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے بتایا کہ ڈرون
باقی صفحہ 3 بقیہ 14

بھارت؛ اتراکھنڈ میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

اتراکھنڈ (نیٹ نیوز) بھارت کی ریاست اتراکھنڈ کے پہاڑی علاقوں میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا اور
باقی صفحہ 3 بقیہ 13

عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے، اسد قیصر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ ایمرجنسی میں کمیٹی بنانا غیر آئینی ہے، کیا پیپلز
باقی صفحہ 3 بقیہ 7

پی ٹی آئی نے صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے خاتمہ کے لیے مذاکراتی کمیٹی قائم کردی

ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر نے 48 گھنٹے میں کمیٹی کے باضابطہ اعلان کی یقین دہانی کرائی

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کی صوبائی پارلیمانی پارٹی نے مذاکرات کے لیے 6 رکنی کمیٹی قائم کردی۔ ذرائع نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 46 اراکین نے شرکت کی، پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق مذاکراتی کمیٹی
باقی صفحہ 3 بقیہ 6

امریکی نائب صدر کا مذاکرات کی بحالی کیلئے محسن رضائی کو خط

ایران پر حملے سے گریز کریں، سعودی عرب

وینس نے مذاکرات نہیں طبی سامان فراہمی کیلئے رابطہ کیا، ٹرمپ، آبنائے ہرمز میں 3 آئل ٹینکر بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے

پاسداران کا امریکی ڈرون قبضے میں لینے کا دعویٰ، ثالثی کیلئے تیار، روس، سعودی عرب میں میزائل فضا میں روک کر تباہ کر دیا گیا

ریاض، تہران، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک، نیٹ نیوز، خبر ایجنسیاں) سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں حوثیوں کا داغا بیلسٹک میزائل فضا میں روک کر تباہ کر دیا گیا۔ یمن میں حکومتی فورسز نے حوثی ملیشیا کیخلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کیں جن میں 239 جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کر دیا۔ 117 گاڑیاں، فوجی سازوسامان تباہ ہوگیا۔ سعودی عرب اور کویت نے دفاعی شعبے میں تعاون کا اعادہ کیا ہے۔ وال سٹریٹ جرنل کے مطابق امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ٹرمپ کی ہدایت پر سیکرٹری ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل محسن رضائی کو خط لکھا ہے جس کا مقصد ایران سے تعطل کا شکار امن مذاکرات دوبارہ شروع کرنا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا میں نے جے ڈی وینس کو ایران کے ساتھ امن مذاکرات شروع کرنے کی ہدایت نہیں کی۔ وینس کا ایران سے رابطہ طبی سامان کی فراہمی سے متعلق تھا۔ ایران کے پاس اب
باقی صفحہ 3 بقیہ 3

1279 بڑے سرکاری اسپتال فعال، ہزار افراد کیلئے تقریباً آدھا بستر، کھربوں کا بجٹ

پنجاب میں 1800 افراد کیلئے ایک، سندھ 1400، کے پی 1600 اور بلوچستان میں 1700 افراد کیلئے ایک بستر دستیاب

ہزار افراد کیلئے 3 تا 5 بستر ہونے چاہئیں، پنجاب 500.63، سندھ 500.62، کے پی 334 اور بلوچستان میں 96 ارب روپے مختص

لاہور (نمائندہ خصوصی) ملک بھر میں سرکاری اسپتالوں کا کھربوں روپے کا بجٹ ہے تاہم صحت عامہ کے حوالے سے صوبائی حکومتوں کی کارکردگی تشویشناک ہے۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق ہر 1,000 افراد کی آبادی کے لیے کم از کم 3 سے 5 اسپتال کے بستر ہونے چاہئیں۔ تاہم ملک میں اس وقت یہ شرح صرف 0.63 بستر فی ہزار آبادی ہے۔ پاکستان کو اپنے موجودہ اسپتالوں اور بیڈز پاکستان کو اپنے موجودہ اسپتالوں اور بیڈز کی تعداد کو کم از کم 5 گنا بڑھانے کی ضرورت ہے۔ ملک میں تقریباً 1,279 سے زائد بڑے سرکاری اسپتال فعال ہیں۔ پنجاب کے 388 سرکاری ہسپتالوں میں 60,191 بیڈز ہیں۔ تقریباً 1,800 افراد کے لیے 1 بستر ہے۔ سندھ میں 473 ہسپتالوں میں 39,564 بیڈز ہیں۔ تقریباً 1,400 افراد کے لیے 1 بستر ہے۔ خیبر پختونخوا میں 277 ہسپتالوں میں
باقی صفحہ 3 بقیہ 5



کراچی: وزیراعلیٰ مراد علی شاہ سے چین کے قونصل جنرل فینگ ڈیبینگ ملاقات کر رہے ہیں

ایکسپورٹ پراسیسنگ زون کیلئے بھیجی گئی کھیپ میں غلط بیانی کا انکشاف

میڈ کسٹمز میں داخل کردہ گڈز ڈیکلریشن میں مشین پرلیس پارٹس ظاہر کیا گیا تھا لیکن کنٹینر سے لوڈ سیلز برآمد ہوئے

کنسائنمنٹ پشاور ایکسپورٹ پراسیسنگ زون رسالپور بھیجی جا رہی تھی، 68 کروڑ 80 لاکھ روپے کا سامان پکڑا گیا، عرفان جاوید

کراچی (نیٹ نیوز) ایکسپورٹ پراسیسنگ زون کیلیے بھیجی گئی کھیپ میں بڑے پیمانے پر غلط بیانی کا انکشاف ہوا، یہ انکشاف ڈائریکٹوریٹ ٹرانزٹ ٹریڈ آپریشنز کراچی اور کلکٹریٹ کسٹمز اپریزمنٹ کی مشترکہ معائنے کے دوران سامنے آیا، ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید کے مطابق تحقیقات کے دوران 68 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کا سامان پکڑا گیا ہے، مذکورہ کنسائنمنٹ پشاور ایکسپورٹ پراسیسنگ زون رسالپور بھیجی جا رہی تھی تاہم متعلقہ حکام نے موصولہ خفیہ اطلاع کی پر کنسائنمنٹ کا معائنہ کیا تو اس بات انکشاف ہوا کہ محکمہ کسٹمز میں داخل کردہ دستاویزات میں جن اشیا کو ظاہر
باقی صفحہ 3 بقیہ 4



اسلام آباد: خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری مقتولہ حنا جاوید کے اہلخانہ سے ملاقات کر رہی ہیں

صنعتی مراکز کو سستی بجلی کی فراہمی سے انڈسٹری کا گروتھ ریٹ بڑھے گا، شافع حسین، فیصل کھوکھر

وزیر صنعت و تجارت اور توانائی کی زیرصدارت اجلاس، صوبے میں صنعتوں کو سستی اور معیاری بجلی کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا

بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم صنعتی شعبے کو مستحکم اور قابل اعتماد بجلی کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگا، صوبائی وزرا کا اظہار خیال

لاہور (جنرل رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے انرجی ڈیپارٹمنٹ جیل روڈ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر کے ہمراہ اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں پنجاب کے صنعتی مراکز میں انڈسٹری کو سستی، معیاری اور قابل اعتماد بجلی کی فراہمی کی تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ صنعت و تجارت اور انرجی ڈیپارٹمنٹ کا انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتوں کو سستی بجلی کی فراہمی کے لئے مل کر کام کرنے پر اتفاق ہوا۔ محکمہ صنعت و تجارت، محکمہ توانائی اور پی آئی ایف اے ایس کے نمائندوں پر مشتمل ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ یہ کمیٹی صنعتی مراکز میں انڈسٹری کو سستی بجلی کی فراہمی کی تجاویز کا جائزہ لے کر جلد حتمی پلان پیش کرے گی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی مراکز میں
باقی صفحہ 3 بقیہ 2


سوشل میڈیا پر معصوم بچوں کو بلیک میل کرنے کا مکروہ کاروبار تشویشناک حد تک پھیلنے کا انکشاف

مافیا کی طرف سے معصوم بچوں کو جعلی شناختوں، دوستی اور لالچ کے جال میں پھنسا کر نجی تصاویر و ویڈیوز حاصل کر لی جاتی ہے

بعض کیسوں میں منظم نیٹ ورک، واٹس ایپ گروپس، مقامی و بین الاقوامی خریداروں سے روابط کے شواہد بھی سامنے آئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) سوشل میڈیا پر معصوم بچوں کو جعلی شناختوں، دوستی اور لالچ کے جال میں پھنسا کر نجی تصاویر و ویڈیوز حاصل کرنے کے بعد بلیک میل کرنے کا مکروہ کاروبار تشویشناک حد تک پھیلنے کا انکشاف ہوا ہے۔ این سی سی آئی اے کی تحقیقات میں بچوں کے آن لائن استحصال کے خطرناک طریقہ واردات، قابل اعتراض مواد کی خرید و فروخت اور مبینہ منظم گروہوں سے روابط کے شواہد سامنے آگئے ہیں، جبکہ این سی سی آئی اے نے ڈیجیٹل فرانزک تحقیقات بڑھا دی ہے۔ ملزمان بچوں کے اعتماد، خوف اور بدنامی کے خدشے کو ہتھیار بنا کر انہیں مسلسل بلیک میل کرتے رہے، سینکڑوں متاثرین کی شکایات نے معاملے کی سنگینی مزید بڑھا دی ہے۔ ملزمان انسٹاگرام، اسنیپ چیٹ اور دیگر پلیٹ فارمز کے ذریعے مزید متاثرین، سہولت کاروں اور ممکنہ نیٹ ورک تک پہنچنے کا عمل تیز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق
باقی صفحہ 3 بقیہ 1





فلمساز اشوک پنڈت نے نصیرالدین شاہ کو تنقید و تعصب کا نشانہ کیوں بنایا؟

نصیرالدین شاہ جتنا اپنی مایوسی کا اظہار کر رہے ہیں، اتنا ہی ان کی شخصیت بے نقاب ہو رہی ہے

ممبئی (وائس آف ایشیا)بھارتی فلم ساز اشوک پنڈت نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں احتجاج کرنے والے طلبہ کی حمایت کرنے پر معروف اداکار نصیرالدین شاہ کو شدید تنقید اور تعصب کا نشانہ بنایا ہے۔69 سالہ فلم ساز اشوک پنڈت نے اداکار کو نفسیاتی مسائل کا شکار قرار دیتے ہوئے انہیں عادتاً بدزبانی کرنے والا شخص قرار دے دیا۔ خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے اشوک پنڈت نے کہا ہے کہ نصیرالدین شاہ کی جانب سے استعمال کی جانے والی زبان پر کوئی حیرت نہیں، کیونکہ وہ گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل نامناسب رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔اشوک پنڈت کے مطابق اداکار کی گفتگو اور کیمرے کے سامنے ان کے تاثرات ان کی مایوسی اور ذہنی انتشار کو ظاہر کرتے ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ نصیرالدین شاہ جتنا اپنی مایوسی کا اظہار کر رہے ہیں، اتنا ہی ان کی شخصیت بے نقاب ہو رہی ہے۔یہ تنقید نصیرالدین شاہ کی جانب سے بھارتی نوجوانوں کی جرآت کو سراہنے اور بھارتیہ جنتا پارٹی کی قیادت میں قائم مرکزی حکومت پر تعلیمی نظام کو تباہ کرنے کی کوششوں کا الزام عائد کرنے کے بعد سامنے آئی ہے۔اس سے قبل منگل کے روز نصیرالدین شاہ نے فیس بک پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے خود کو فخر سے 'دماغی نکسل' قرار دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ نہیں معلوم کہ حکومت کے حامی مجھے مزید کن القابات سے نوازیں گے، تاہم حکومت سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ ملک کے نوجوانوں کی حوصلہ شکنی، تعلیمی نظام کی تباہی اور جمہوریت کو خطرے میں ڈالنے کے لیے مزید کیا اقدامات کیے جائیں گے؟دوسری جانب طلبہ کی قیادت میں احتجاجی مظاہروں کا آغاز 12 اکتوبر بروز پیر ہوا تھا، جو تاحال جاری ہے۔

ہدایتکار رام گوپال ورما 29.67 کروڑ کے تنازع میں پھنس گئے

ایکلیٹنٹ فلمز نے 15 اکتوبر کو رام گوپال ورما کو قانونی نوٹس بھیجا تھا

ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ کے فلم ساز رام گوپال ورما ایک بار پھر شدید قانونی اور معاشی مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پبلک نوٹس میں کہا گیا ہے کہ ایکلیٹنٹ فلمز نے 15 اکتوبر کو رام گوپال ورما کو قانونی نوٹس بھیجا تھا، جس میں ان سے 29 کروڑ 67 لاکھ 64 ہزار روپے کے بقایا جات ادا کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔یہ تنازع 10 اپریل 2010ء کے ایک معاہدے سے متعلق ہے، جس کے ساتھ ہی 17 اپریل 2013ء کے بمبئی ہائی کورٹ کے حکم نامے کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ کمپنی نے فلم ساز کو 30 اکتوبر 2026ء تک تمام رقم کی ادائیگی کی حتمی مہلت دی ہے۔اے آئی فلم انڈسٹری کیلئے خطرہ، رام گوپال ورما نے خبردار کردیانوٹس میں واضح کیا گیا ہے کہ معاہدے کی رو سے جب تک رام گوپال ورما تمام بقایا جات کلیئر نہیں کر دیتے، وہ کسی بھی تیسرے فریق کے ساتھ بغیر تحریری این او سی کے فلم سازی، ہدایت کاری یا تحریر کا کام شروع نہیں کر سکتے۔پروڈکشن ہاؤس نے تمام فلم سازوں، تقسیم کاروں، اور او ٹی ٹی پلیٹ فارمز کو متنبہ کیا ہے کہ این او سی کے بغیر ان کے ساتھ کسی بھی معاملت کی صورت میں وہ خود ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف عدالت سے اسٹے آرڈر اور قانونی کارروائی کی جائے گی۔



فی الحال شادی کا کوئی ارادہ نہیں ،اداکارہ جھانوی کپور

میں اپنی نجی زندگی کو زیادہ نمایاں نہیں کرنا چاہتی، تاہم اپنے تعلقات کو مسلسل چھپانا بھی ضروری نہیں سمجھتی

ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ اداکارہ جھانوی کپور نے پہلی بار شیکھر پہاڑیا کے ساتھ اپنے تعلقات اور شادی کے منصوبوں سے متعلق کھل کر بات کی ہے۔بھارتی شو کافی ود کرن کے نویں سیزن میں اداکارہ نے شیکھر پہاڑیا کے ساتھ اپنے تعلق کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی نجی زندگی کو زیادہ نمایاں نہیں کرنا چاہتیں، تاہم اپنے تعلقات کو مسلسل چھپانا بھی ضروری نہیں سمجھتیں۔شادی سے متعلق سوال پر اداکارہ نے واضح کیا کہ فی الحال ان کا شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں اور وہ کم از کم اگلے دو سے تین سال تک شادی نہیں کریں گی۔اداکارہ نے بتایا کہ 2018میں والدہ سری دیوی کے انتقال کے بعد شیکھر نے ان کا بھرپور ساتھ دیا تھا اور لندن میں اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ کر ممبئی واپس آگئے تھے۔جھانوی کے مطابق وہ اور شیکھر نوجوانی سے ایک دوسرے کو جانتے ہیں اور ان کا رشتہ باہمی اعتماد اور تعاون پر قائم ہے۔



جان ریمبو کے بیٹے نے لمز سے گریجویشن مکمل کر لی، اداکار خوشی سے نہال

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان کے سینئر اداکار جان ریمبو نے اپنے بیٹے احسن خان کی گریجویشن مکمل ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے زندگی کا سب سے بڑا اعزاز قرار دے دیا۔اداکار جان ریمبو، جن کا اصل نام افضل خان ہے، اپنی اہلیہ صاحبہ افضل کے ہمراہ بیٹے کی لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) سے گریجویشن کی تقریب میں شریک ہوئے۔اس موقع پر اداکار نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں وہ بیٹے کی کامیابی پر جذباتی اور بے حد خوش دکھائی دیے۔جان ریمبو نے کہا کہ آج وہ خود کو دنیا کا خوش قسمت ترین باپ محسوس کر رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اداکاری کے دوران انہیں کئی ایوارڈز ملے لیکن بیٹے کا لمز سے گریجویٹ ہونا ان کی زندگی کا سب سے بڑا ایوارڈ ہے۔



سنتھیا اریوو کا اریانا گرانڈے کیساتھ گہری دوستی پر تنقید کرنیوالوں کو منہ توڑ جواب

دونوں اداکاراؤں کی جذباتی قربت اور دوستی سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بنی رہی

سنگا پور سٹی (وائس آف ایشیا)ہالی ووڈ اداکارہ سنتھیا اریوو نے معروف گلوکارہ و اداکارہ اریانا گرانڈے کے ساتھ اپنی گہری دوستی پر تنقید کرنے والوں کو کرارا جواب دے دیا۔فلموں وکڈ اور وکڈ: فار گڈ کی تشہیری مہم کے دوران دونوں اداکاراؤں کی جذباتی قربت اور دوستی سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بنی رہی۔ حالیہ انٹرویو میں سنتھیا اریوو نے کہا کہ یہ حیران کن ہے کہ بعض لوگوں کو دو خواتین کی اچھی دوستی بھی برداشت نہیں ہوتی۔ان کے مطابق سوشل میڈیا صارفین ان کے ہنسنے، رونے اور جذبات کا اظہار کرنے پر سوال اٹھاتے رہے، جیسے دو خواتین کا ایک دوسرے سے قریب ہونا غیر معمولی بات ہو۔اداکارہ نے سنگاپور میں پیش آنے والے واقعے کا بھی ذکر کیا جب ایک شخص اچانک اریانا گرانڈے کے قریب پہنچ گیا تھا اور انہوں نے فوراً مداخلت کی۔سنتھیا نے کہا کہ انہوں نے اپنی دوست کی حفاظت کے لیے قدم اٹھایا تھا لیکن بعض افراد نے انہیں اریانا کی باڈی گارڈ قرار دے دیا، وہ کسی بھی دوست کے لیے ایسا ہی کرتیں۔



گلوکارہ حمیرا چنا کی گاڑی کراچی سے چوری ہوگئی

گاڑی چوری کا مقدمہ نیو ٹان میں درج کر لیا گیا ہے اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں


کراچی (وائس آف ایشیا)معروف گلوکارہ حمیرہ چنا کی گاڑی بہادر آباد سے چوری ہو گئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق گاڑی چوری کا واقعہ گزشتہ روز بہادر آباد چار مینار چورنگی کے قریب پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گاڑی چوری کا مقدمہ نیو ٹان میں درج کر لیا گیا ہے اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔دوسری جانب وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار کی جانب سے بھی گاڑی چوری واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی اے سی ایل سی اور ایس ایس پی ایسٹ سے رپورٹ طلب کر لی گئی ہے۔انہوں نے حکام کو ہدایت کی کہ چوری کی جانے والی گاڑی کا سراغ لگانے اور اس کی برآمدگی سمیت ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے فوری اور ضروری اقدامات کیے جائیں۔



مارول کی فلم 'ایکس مین' میں پروفیسر ایکس کا کردار نبھانے والے سر پیٹرک اسٹیورٹ چل بسے

سر پیٹرک اسٹیورٹ نے بدھ کے روز امریکی شہر لاس اینجلس میں اپنی رہائش گاہ پر آخری سانسیں لیں

لاس اینجلس (وائس آف ایشیا)ہالی ووڈ کے معروف اداکار سر پیٹرک اسٹیورٹ 86 برس کی عمر میں چل بسے۔بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سر پیٹرک اسٹیورٹ نے بدھ کے روز امریکی شہر لاس اینجلس میں اپنی رہائش گاہ پر آخری سانسیں لیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اداکار الزائمر اور لیوی باڈی ڈیمنشیا کے مرض میں مبتلا تھے۔سر پیٹرک اسٹیورٹ کے اہل خانہ نے ان کی موت کی خبر کی تصدیق کرتے ہوئے گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔سر پیٹرک اسٹیورٹ کی موت کی خبر سامنے آنے کے بعد دنیا بھر میں موجود ان کے مداحوں، ساتھی فنکاروں اور فلمی اداروں کی جانب سے تعزیتی پیغامات کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا۔واضح رہے کہ 13 جولائی 1940ء کو انگلینڈ کے علاقے یارکشائر میں پیدا ہونے والے پیٹرک اسٹیورٹ نے 18 برس کی عمر میں اداکاری کا آغاز کیا تھا۔انہوں نے اپنے فنی سفر کا بڑا حصہ تھیٹر میں گزارا اور رائل شیکسپیئر کمپنی کے ساتھ بھی کام کیا۔بعد ازاں اداکار کو 47 برس کی عمر میں مشہور سائنس فکشن سیریز 'اسٹار ٹریک: دی نیکسٹ جنریشن' میں کیپٹن جین لوک پیکارڈ اور مارول اسٹوڈیوز کی مشہور فلم سیریز 'ایکس مین' میں پروفیسر چارلس زیویئر (پروفیسر ایکس) کے کردار سے عالمی سطح پر شہرت حاصل ہوئی۔سر پیٹرک اسٹیورٹ موت کے بعد بھی فلمی پردے پر مارول اسٹوڈیو کی نئی فلم 'ایونجرز: ڈومز ڈے' میں پروفیسر ایکس کا کردار ادا کرتے دکھائی دیں گے، جو 18 دسمبر 2026ء کو سنیما گھروں کی زینت بنے گی۔





رونالڈو کی 67ویں ہیٹ ٹرک، 1000ہزار گولز سے فاصلہ مزید کم ہوگیا

رونالڈو نے 66ویں، 72ویں اور 81ویں منٹ میں گول کرکے میچ کا پانسہ پلٹ دیا

میڈرڈ (وائس آف ایشیا)پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے کیریئر کے 1000 گولز کے تاریخی سنگ میل کی جانب اہم پیش رفت کرلی۔سعودی پرو لیگ میں النصر کی جانب سے کھیلتے ہوئے 41سالہ رونالڈو نے الخلود کے خلاف صرف 15منٹ میں ہیٹ ٹرک مکمل کی اور اپنی ٹیم کو 3کے مقابلے میں 5 گول سے کامیابی دلائی۔اس کامیابی کے بعد ان کے مجموعی کیریئر گولز کی تعداد 985ہوگئی ہے اور وہ 1000 گولز سے محض 15 گول دور ہیں۔مقابلے کے پہلے ہاف میں دونوں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے میں آیا اور اسکور 2-2سے برابر رہا۔ تاہم رونالڈو نے 66ویں، 72ویں اور 81ویں منٹ میں گول کرکے میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔یہ النصر کی جانب سے ان کی ساتویں ہیٹ ٹرک تھی جبکہ کلب اور قومی ٹیم کی نمائندگی کرتے ہوئے وہ مجموعی طور پر 67ہیٹ ٹرکس مکمل کرچکے ہیں۔کیریئر میں 985 گولز کے ساتھ رونالڈو فٹبال کی تاریخ کے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی ہیں۔ ارجنٹائن کے لیونل میسی 936 گولز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔



بابر اعظم کیلئے افسوسناک بات یہ ہے کہ وہ ٹیم میں تنہا ہیں،وقار یونس

جب کسی کھلاڑی سے ہر میچ میں سنچری، نصف سنچری یا بڑی اننگز کی توقع کی جائے تو چند میچز میں ناکامی بھی تنقید کی وجہ بن جاتی ہے، گفتگو

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور لیجنڈری فاسٹ بولر وقار یونس نے بابر اعظم کی حمایت کرتے ہوئے قومی ٹیم کی بیٹنگ لائن پر اہم سوالات اٹھا دیئے۔تفصیلات کے مطابق وقار یونس نے بھارتی کرکٹ تجزیہ کار کھمنکر مشرا کی پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی۔اس پوڈکاسٹ میں انہوں نے بابر اعظم کو پاکستان کا سپر اسٹار قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ ٹیم میں ان کے علاوہ ایسا کوئی نمایاں بیٹر دکھائی نہیں دیتا جس پر یکساں اعتماد کیا جا سکے۔سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ بابر اعظم کے لیے سب سے افسوس ناک بات یہ ہے کہ وہ ٹیم میں تنہا ہیں، اگر ان کے ساتھ 4یا 5بڑے نام بھی موجود ہوتے تو صورت حال مختلف ہو سکتی تھی اور بابر پر دباؤ بھی کم ہوتا۔انہوں نے کہا کہ جب پوری ٹیم کی امیدیں صرف ایک بیٹر سے وابستہ ہوں اور ہر میچ میں اسی سے کارکردگی کی توقع کی جائے تو قدرتی طور پر اس کھلاڑی پر دباؤ بڑھ جاتا ہے۔وقار یونس نے پاکستان کی 90 کی دہائی کی ٹیم کا حوالہ دیتے ہوئے سوال کیا کہ اس دور میں قومی ٹیم کے ٹاپ 6میں شامل تمام بیٹرز اپنی الگ پہچان رکھتے تھے اور میچ جتوانے کی صلاحیت رکھتے تھے لیکن آج بابر اعظم کے علاوہ کتنے ایسے کھلاڑی ہیں جنہیں اسی طرح یاد کیا جا سکتا ہے؟انہوں نے اس موقع پر بھارت کے لیجنڈ بیٹر سچن ٹنڈولکر کی مثال بھی دی اور کہا کہ سچن بھی اپنے کیریئر میں کبھی مکمل طور پر تنہا نہیں تھے، ابتدا میں ان کے ساتھ سنجے منجریکر اور نوجوت سنگھ سدھو جیسے کھلاڑی موجود تھے جبکہ بعد میں راہول ڈریوڈ، سارو گنگولی، وی وی ایس لکشمن اور وریندر سہواگ جیسے بڑے بیٹرز نے ان کا ساتھ دیا۔انہوں نے کہا کہ بابر اعظم نے اپنے کیریئر کے آغاز میں اتنی شاندار کارکردگی دکھائی کہ شائقین کی توقعات غیر معمولی حد تک بڑھ گئیں، اب اگر وہ 4یا 5میچز میں رنز نہ بنا سکیں تو انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وقار یونس نے بابر اعظم کی صورت حال کا موازنہ بھارتی اسٹار بیٹر ویرات کوہلی سے کرتے ہوئے کہا کہ جب کسی کھلاڑی سے ہر میچ میں سنچری، نصف سنچری یا بڑی اننگز کی توقع کی جائے تو چند میچز میں ناکامی بھی تنقید کی وجہ بن جاتی ہے۔

ثانیہ مرزا نے مسجد کیلئے اکیڈمی کی زمین عطیہ نہیں کی: والد کی زیرِ گردش دعوؤں کی تردید

ثانیہ ماضی میں جو سماجی یا فلاحی کام کر چکی ہیں یا مستقبل میں کریں گی، وہ ان کا نجی اور ذاتی معاملہ ہے اور رہے گا

نئی دہلی (وائس آف ایشیا)بھارتی سابقہ ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کے والد عمران مرزا نے سوشل میڈیا پر مسجد کی تعمیر کے لیے زمین عطیہ کرنے سے متعلق زیرِ گردش دعوؤں کی تردید کر دی۔فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر عمران مرزا نے پوسٹ شیئر کی ہے۔مذکورہ پوسٹ میں انہوں نے واضح کیا کہ محمد اظہرالدین اور ثانیہ مرزا کی وائرل تصویر مصنوعی ذہانت (AI) کی مدد سے تیار کی گئی ہے، جبکہ زمین عطیہ کرنے کی خبر بھی جعلی ہے۔عمران مرزا نے لکھا ہے کہ ثانیہ مرزا کے حوالے سے جھوٹی و گمراہ کن خبر گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے، جس کے بارے میں میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔انہوں نے لکھا ہے کہ ثانیہ کو یہ مکمل حق حاصل ہے کہ وہ اپنی یا اپنے خاندان کی خریدی ہوئی زمین کو اپنی صوابدید کے مطابق استعمال کریں، تاہم میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں ثانیہ مرزا ٹینس اکیڈمی قائم ہے، وہاں کوئی مسجد تعمیر نہیں کی جا رہی۔عمران مرزا نے کہا ہے کہ ثانیہ ماضی میں جو سماجی یا فلاحی کام کر چکی ہیں یا مستقبل میں کریں گی، وہ ان کا نجی اور ذاتی معاملہ ہے اور رہے گا، کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ ایسے کاموں کی تشہیر کرے، خصوصاً اس صورت میں جب ثانیہ نے خود ان کی تصدیق نہ کی ہو۔واضح رہے کہ ٹینس کی معروف کھلاڑی ثانیہ مرزا کے حوالے سے گزشتہ چند روز سے خبریں گردش کر رہی ہیں کہ انہوں نے ثانیہ مرزا ٹینس اکیڈمی کی زمین مسجد کی تعمیر کے لیے عطیہ کر دی ہے۔



پلیئرز ریٹینشنز کی آخری تاریخ 13 جنوری 2027 مقرر کی گئی ہے

ہر فرنچائز کو زیادہ سے زیادہ 7 کھلاڑی برقرار رکھنے کی اجازت ہوگی

لاہور(وائس آف ایشیا)پی ایس ایل سیزن 12 کی تیاریوں کے سلسلے میں آپریشنز ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق فرنچائزز نے ریٹینشنز قوانین، پلیئرز آکشن کی شرائط اور ٹیموں کے اسکواڈ سائز پر اتفاق کرلیا۔ پلیئرز ریٹینشنز کی آخری تاریخ 13 جنوری 2027 مقرر کی گئی ہے۔ہر فرنچائز کو زیادہ سے زیادہ 7 کھلاڑی برقرار رکھنے کی اجازت ہوگی۔ کھلاڑی ریٹین کرنیوالی فرنچائز کو پچھلے سیزن کا سب سے مہنگا کھلاڑی ریلیز کرنا ہوگا۔ہر فرنچائز کا سیلری کیپ 45 کروڑ روپے یا 1.6ملین ڈالرز ہوگا، ڈائریکٹ سائننگ کرنیوالی فرنچائزز کا سیلری کیپ 50.5 کروڑ روپے ہوگا، پلیئرز آکشن میں فرنچائز کو کم از کم ساڑھے 36 کروڑ روپے خرچ کرناہوں گے۔ڈائریکٹ سائننگ کا عمل 23 نومبر تک جاری رہے گا، پچھلے 2پی ایس ایل سیزنز میں نہ کھلنے والے کھلاڑی ہی ڈائریکٹ سائن ہوسکیں گے۔سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ تمام فرنچائزز نے ورکشاپ میں اپنی رائے دی، ورکشاپ میں نیلامی کے اصولوں کا ایک ایک نکتہ زیرِ بحث لایا گیا۔



پاکستان ٹیم نے ابھی اپنی بہترین کرکٹ نہیں کھیلی،مائیک ہیسن

امید ہے فائنل میں اپنی بہترین کارکردگی دکھائیں گے، ہیڈ کوچ کی گفتگو



لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان مینز ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم نے ابھی اپنی بہترین کرکٹ نہیں کھیلی۔ امید ہے فائنل میں اپنی بہترین کارکردگی دکھائیں گے۔نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ قومی ٹیم ہفتے کو قذافی اسٹیڈیم میں سری لنکا کے ساتھ فائنل کھیلے گی۔ پاکستان نے مسلسل تین کامیابیوں کے ساتھ فائنل میں جگہ بنائی ہے۔مائیک ہیسن نے کہا کہ اہم کھلاڑیوں کی نمایاں کارکردگی کے بغیر مسلسل تین فتوحات حوصلہ افزا ہیں۔ گزشتہ دو ہفتوں میں ٹیم کی مجموعی کارکردگی اطمینان بخش رہی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ٹاپ تھری میں ملکی تاریخ کے دو عظیم بیٹرز موجود ہیں۔ بڑے کھلاڑیوں سے بڑے مقابلوں میں بہترین کارکردگی کی توقع ہوتی ہے۔ہیڈ کوچ نے کہا کہ ٹاپ آرڈر کی بڑی کارکردگی کے بغیر میچز جیتنا خوش آئند ہے، اہم بیٹرز کے لیے فائنل میں میچ وننگ اننگز کھیلنے کا بہترین موقع ہے۔مائیک ہیسن نے کہا کہ سلمان علی آغا کی مڈل آرڈر میں کارکردگی غیر معمولی رہی ہے جبکہ حسن نواز کی بیٹنگ میں بھی مسلسل بہتری آرہی ہے۔انہوں نے کپتان کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کی ابتدائی وکٹیں ٹیم کے لیے انتہائی اہم ہیں۔نسیم شاہ اور حارث رؤف نے بھی ٹورنامنٹ میں اچھی بولنگ کی ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان کرکٹر عرفات منہاس کی کارکردگی میں بھی بہتری آرہی ہے۔مائیک ہیسن نے کہا کہ سری لنکا کے ساتھ آخری لیگ میچ میں بیٹنگ توقعات کے مطابق نہیں رہی، فائنل میں کھلاڑیوں سے بھرپور واپسی کی امید ہے۔کراؤڈ کے بارے میں بات کرتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ شائقین کرکٹ نے پوری سیریز میں شاندار حمایت کی، لاہور اور راولپنڈی کے شائقین کی حمایت ہمیشہ شاندار رہی ہے،امید ہے فائنل میں شائقین کو بہترین کھیل پیش کریں گے۔

پاکستان پولیس ہاکی ٹیم نے چینی ٹیم کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دے دی

پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام دونوں ٹیموں کے درمیان یہ دوستانہ میچ لاہور کے منظور الحسن ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا گیا

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان پولیس ہاکی ٹیم نے دوستانہ میچ میں چین کے صوبے گوانگ ڈونگ کی ہاکی ٹیم کو ایک سنسنی خیز مقابلے کے بعد 6 کے مقابلے میں 7 گول سے شکست دے دی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام دونوں ٹیموں کے درمیان یہ دوستانہ میچ لاہور کے منظور الحسن ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا گیا۔صدر پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ اور آئی جی پنجاب عبدالکریم میچ کے مہمان خصوصی تھے، جبکہ چیف سپورٹس آفیسر پاکستان پولیس ڈی آئی جی اطہر اسماعیل نے بھی شرکت کی۔میچ کے دوران آئی جی پنجاب عبدالکریم نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز سے ملاقات کی اور شاندار کھیل پیش کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔آئی جی پنجاب نے کامیابی پر پاکستان پولیس ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں، کوچ، آفیشلز اور چیف سپورٹس آفیسر کو مبارکباد دی۔تقریب میں چینی قونصل خانے کے اعلیٰ حکام، اے آئی جی ایڈمن قاضی فاروق سمیت ہاکی کے نامور کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ان میں اولمپین منظور الحسن، شہباز احمد سینئر، طاہر زمان اور خواجہ جنید بھی شامل تھے۔اس موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کرنل (ر) ناصر اخونزادہ، میڈیا منیجر وقاص شیخ اور ہاکی شائقین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔میچ کے اختتام پر چیف سپورٹس آفیسر پاکستان سپورٹس بورڈ ڈی آئی جی اطہر اسماعیل نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں میں میڈلز جبکہ ٹیم آفیشلز اور قومی و اولمپین ہاکی لیجنڈز میں شیلڈز تقسیم کیں۔ میچ کے دوران پنجاب پولیس کے میوزیکل بینڈ نے خوبصورت دھنیں پیش کیں۔



آئرلینڈ کے لیگ اسپنر بین وائٹ کا 28سال کی عمر میں پروفیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان، ملازمت اختیار کرلی

ڈبلن (وائس آف ایشیا)آئرلینڈ کے لیگ اسپنر بین وائٹ نے 28سال کی عمر میں پروفیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا اور بتایا کہ انہوں نے سافٹ ویئرہاؤس میں ملازمت اختیار کرلی ہے۔غیر ملکی میڈیارپورٹ کے مطابق بین وائٹ نے آئرلینڈ کی جانب سے آخری بین الاقوامی میچ گزشتہ سال دسمبر میں کھیلا تھا۔ تینوں فارمیٹس میں مجموعی طور پر 43بین الاقوامی میچز میں آئرلینڈ کی نمائندگی کی۔بین وائٹ نے کرکٹ کے بعد سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ کمپنی میں نئی ملازمت اختیار کرلی ہے۔بین وائٹ نے جولائی 2021میں بین الاقوامی کرکٹ میں قدم رکھا اور انہیں آئرلینڈ کے لیے مستقبل کے اہم لیگ اسپنر کے طور پر دیکھا جاتا تھا۔انہوں نے 38 ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں میں 36وکٹیں حاصل کیں اور2021، 2024اور 2026کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے آئرش اسکواڈ کا حصہ رہے، تاہم ان تینوں ایونٹس میں انہیں مجموعی طور پر صرف تین میچ کھیلنے کا موقع ملا۔ طویل فارمیٹس میں انہیں محدود مواقع ملے۔انہوں نے 2023میں دو ون ڈے اور تین ٹیسٹ میچ کھیلے۔ بنگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ ڈیبیو پر تین وکٹیں لینے کے بعد سری لنکا کے خلاف اگلے دو ٹیسٹ میچوں میں وہ زیادہ کامیاب نہ ہوسکے۔بین وائٹ نے سماجی رابطے پر اپنے پیغام میں کہا کہ آئرلینڈ کی نمائندگی کرنا، تینوں فارمیٹس میں کھیلنا اور تین عالمی کپ مقابلوں کا حصہ بننا ان کے لیے باعث فخر رہے گا۔انہوں نے کرکٹ آئرلینڈ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یادگار تجربات، قیمتی سبق اور زندگی بھر قائم رہنے والی دوستیاں ملیں۔ آئرلینڈ کے ہیڈ کوچ گیری ولسن نے بین وائٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ خاص طور پر ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں اپنی کارکردگی کے باعث یاد رکھے جائیں گے۔



راشد خان نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں تاریخ رقم کردی

راشد خان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں 200 وکٹیں حاصل کرنے والے دنیا کے پہلے بولر بن گئے

دبئی (وائس آف ایشیا)افغانستان کے مایہ ناز لیگ اسپنر راشد خان نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں ایک اور بڑا اعزاز اپنے نام کرلیا۔تفصیلات کے مطابق راشد خان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں 200 وکٹیں حاصل کرنے والے دنیا کے پہلے بولر بن گئے ہیں۔انہوں نے یہ تاریخی سنگ میل جمعرات کو شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں زمبابوے کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ کے دوران حاصل کیا۔راشد خان نے زمبابوے کے اوپنر تادیواناشے مارومانی کو آؤٹ کرکے اپنی 200ویں وکٹ مکمل کی۔ یہ ان کا 120واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ تھا۔دلچسپ بات یہ ہے کہ راشد خان نے 2015 میں زمبابوے ہی کے خلاف اپنے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا تھا اور 11 سال بعد اسی ٹیم کے خلاف تاریخ رقم کی۔ٹی 20 انٹرنیشنل میں انگلینڈ کے عادل رشید 171 وکٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں جبکہ ہانگ کانگ کے احسان خان اور نیوزی لینڈ کے ایش سودھی 165، نیوزی لیںڈ کے ٹم ساوتھی 164 اور سری لنکا کے ونندو ہسارنگا 163 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔راشد خان مجموعی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں بھی سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں۔ وہ 551 میچز میں 742 شکار کرچکے ہیں جبکہ ویسٹ انڈیز کے سنیل نارائن 658 وکٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔




خان لاء ایسوسی ایٹ گروپ کے تیمور نیازی کی جانب سے عشائیہ کا اہتمام

اس موقع پر علی احمد کمبوہ، محمد سجاد کمبوہ، چوہدری عرفان یعقوب، چوہدری سلیم رحمانی ایڈووکیٹ موجود تھے




لاہور (نمائندہ خصوصی) خان لاء ایسوسی ایٹ گروپ کے تیمور نیازی کی جانب سے عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں ملک مسعود کھوکھر امیدوار برائے صدر لاہور بار ایسوسی ایشن اور ہارون دوگل امیدوار برائے پنجاب بار کونسل کا اعلان کر دیا گیا اس موقع پر علی احمد کمبوہ ایڈووکیٹ، محمد سجاد کمبوہ ایڈووکیٹ، چوہدری عرفان یعقوب ایڈووکیٹ، چوہدری سلیم رحمانی ایڈووکیٹ موجود تھے اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ ہم کسی سیاسی جماعت کے ساتھ نہیں ہیں نہ ہی ہمارا گروپ کوئی سیاسی گروپ ہے ہم صرف وکلاء ہیں ہم ہی کالے کوٹ والے ہیں ہم صرف وکلا عدالتوں اور آئین کو پرسو کرتے ہیں ہم آئین قانون اور وکلا کے ساتھ ہیں اپنی وکلاء برادری کے حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے نصیر احمد بھٹہ ایڈووکیٹ جانب سے، زاہد حسین ملک ایڈووکیٹ، رانا ظفر اقبال ایڈووکیٹ، رفاقت ڈوگر ایڈووکیٹ، زاہد عزیز بھٹہ ایڈووکیٹ، چوہدری علی رضا نے شرکت کی۔



مسلم لیگ ن کے رہنما سابق ایم پی اختر حسین بادشاہ کی وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے ہمراہ یادگار تصویر

سید ثمر عباس بخاری کو کوآرڈینیٹر برائے پانی و بجلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا



چنیوٹ (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت نے سید ثمر عباس بخاری آف وڈ سیداں کو کوآرڈینیٹر برائے پانی و بجلی این اے 93 بنا کر نوٹیفکیشن جاری کر دیا، سید ثمر عباس بخاری سابق ٹکٹ ہولڈر این اے 93 سید رضا شاہ بخاری کے چھوٹے بھائی ہیں جنہیں مسلم لیگ ن کے گراں قدر خدمات کی بنا پر اس عہدے سے نوازا گیا، سید ثمر عباس بخاری علاقے کے معروف زمیندار خود نہایت شریف النفس ہیں وفاقی وزیر پانی و بجلی سردار اویس لغاری اور انکے ساتھی جلد ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جن احباب کے نوٹیفکیشن جاری ہوئے ہیں انہیں ایک کنونشن کی صورت میں بریف کرینگے تاکہ عوامی مسائل کیلئے کوآرڈینیٹر ز اپنے اہم کردار ادا کر سکیں، زمینداروں کے مسائل سے لیکر نیو کنکشن اور بجلی سپلائی لائنوں کو بچانے اور بجلی سے متعلق حکومت کے منصوبہ جات کی کوارڈینیٹر کڑی نگرانی کریں گے اور واپڈا افسران کیساتھ ایک باہمی رابطے اور طریقہ کار کے تحت فلاحی منصوبوں کی نگرانی کریں گے، شہریوں کی واپڈا سے متعلق شکایات کا از خود نوٹس لیکر اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرینگے منصوبوں کی سست روی پر فوری ایکشن لیکر اسے سپیڈی بنانے میں بھی اپنا کردار ادا کرینگے، علاقے کی سیاسی سماجی و تجارتی شخصیات جن میں چیئرمین کانسٹیٹیوشنل لائرز فورم چوہدری دوست محمد آسی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، سردار اسد ریاض بلوچ نمبردار، چوہدری اللہ رکھا گروپ چیئرمین ڈیموکریٹک الائنس، شیخ مرتضیٰ مصطفیٰ گروپ صدر ڈیموکریٹک الائنس، چوہدری ابوبکر، چوہدری احمد سعید چدھڑ، سینئر صحافی منور دین چوہدری، سردار عرفان دھامنہ، مہر اکرام جرنلسٹ، میاں عامر پرنس صدر ہیومن رائٹس انٹرنیشنل، چوہدری عابد عثمانی نائب صدر، ضلعی صدر تاجر الائنس چوہدری اصغر علی جٹ، امیر و نائب امیر سید نور الحسن، برادر طاہر قدیر، رانا شہزاد اقبال تحصیل صدر ن لیگ، میاں شہزاد لالی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، قاسم نیکوکارہ، عاصم نیکوکارہ، عباس سنگرا، ظفر سنگرا، ظفر ہربل، محمد علی شاہ، علی شہزاد شاہ، علی زین شاہ، محمد عرفان سید، کمیل سید، فرخ رضا، نور زمان خان، اکبر خان، کاشف نسیوآنہ، اسد نسیوآنہ، عدیل نسیوآنہ، محمد خان نسیوآنہ، منظور شاہ، خضر شاہ، سید غلام علی شاہ، فرحت شاہ، حسین شاہ، وقار لالی، بابر چدھڑ، علی عمران ہرل، فیصل گلوتر، لیاقت سپرا نے سید ثمر بخاری کی تعیناتی کو علاقے کیلئے نیک شگون قرار دیا ہے جبکہ سابق ممبرز ضلع کونسلو سمیت سابق ناظمین و نمبرداروں کی بڑی تعداد نے شاہ صاحب کی تعیناتی پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور علاقے کیلئے ایک نیک شگون قرار دیا ہے



Faisalabad Electric Supply Company Limited

NOTIFICATION

ٹیکنالوجی کی ترقی، انسانی رشتوں کی تنزلی!

ازقلم: طاہرہ کشف
مقام: مانگا منڈی، لاہور

ہم اکیسویں صدی کے اس دور میں جی رہے ہیں جہاں انسان نے اپنی ذہانت، تحقیق اور محنت سے ایسی ایسی ایجادات کر لی ہیں جن کا تصور کبھی محض خواب ہوا کرتا تھا۔ دنیا سمٹ کر ایک چھوٹی سی اسکرین میں آ گئی ہے۔ ہزاروں میل دور بیٹھے انسان سے چند لمحوں میں رابطہ ممکن ہے، مصنوعی ذہانت انسانی سوالات کے جواب دے رہی ہے، مشینیں انسان کے کام آسان بنا رہی ہیں اور ٹیکنالوجی زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں اپنی جگہ بنا چکی ہے۔ بظاہر یہ ترقی انسان کی کامیابی کی ایک عظیم داستان ہے لیکن اس روشن داستان کے پیچھے ایک ایسا تاریک پہلو بھی موجود ہے، جس پر غور کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ انسان اپنے حقیقی رشتوں سے دور ہوتا جا رہا ہے؟

کبھی انسان کی زندگی کا مرکز اس کا خاندان، اس کے دوست، اس کے بزرگ اور اس کے قریبی لوگ ہوا کرتے تھے۔ خوشی ہوتی تو گھر والوں کے ساتھ بانٹی جاتی، غم ہوتا تو کسی اپنے کے کندھے پر سر رکھ کر دل ہلکا کر لیا جاتا اور اگر کوئی پریشان ہوتا تو اس کے پاس بیٹھ کر اس کی بات سنی جاتی۔ رشتوں کی مضبوطی کا راز مہنگے تحائف، خوب صورت تصاویر یا سوشل میڈیا پر محبت کے اظہار میں نہیں بل کہ وقت دینے، ایک دوسرے کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ساتھ کھڑے ہونے میں پوشیدہ تھا لیکن آج منظر بدل چکا ہے۔ ایک ہی گھر میں بیٹھے لوگ ایک دوسرے سے بات کرنے کے بجائے اپنے اپنے موبائل فون میں مصروف دکھائی دیتے ہیں۔ دسترخوان پر کھانا موجود ہے، خاندان کے افراد بھی ساتھ بیٹھے ہیں مگر گفت گو کی جگہ اسکرینوں نے لے لی ہے۔ ماں اپنے بچے کے ساتھ بیٹھی ہے لیکن اس کی توجہ موبائل پر ہے۔ بچے والدین کے قریب ہیں مگر ان کے دلوں کی باتیں سننے والا کوئی نہیں۔ دوستوں کی محفلیں سوشل میڈیا کی تصاویر تک محدود ہو گئی ہیں اور ملاقاتوں کی جگہ مختصر پیغامات نے لے لی ہے۔ ہم ایک دوسرے کی زندگیوں کی تصویریں تو دیکھتے ہیں مگر ایک دوسرے کے دلوں کی کیفیت جاننے کی کوشش کم کرتے جا رہے ہیں۔

یہ کیسی ترقی ہے کہ رابطے کے ذرائع بڑھ گئے مگر رابطوں میں خلوص کم ہوتا محسوس ہونے لگا؟

آج مصنوعی ذہانت، جسے ہم AI کہتے ہیں، انسانی زندگی میں ایک نئی حقیقت بن کر سامنے آئی ہے۔ یہ ہمارے سوالات کے جواب دیتی ہے، ہمارے خیالات کو الفاظ دیتی ہے، ہمارے کام آسان بناتی ہے اور کئی مواقع پر ہماری رہنمائی بھی کرتی ہے۔ اس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ علم، تحقیق، تعلیم، علاج اور کاروبار سمیت بے شمار شعبوں میں اس کے مثبت استعمال کے امکانات موجود ہیں لیکن تشویش اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسان اپنی تنہائی، اپنے جذبات اور اپنے تعلقات کے لیے حقیقی انسانوں کے بجائے مشینی رابطوں پر مکمل انحصار کرنے لگتا ہے۔

مصنوعی ذہانت ہمارے الفاظ کو سمجھنے کی صلاحیت رکھ سکتی ہے لیکن انسانی رشتوں کی اصل خوب صورتی صرف الفاظ میں نہیں ہوتی۔ کسی کی خاموشی میں چھپا درد محسوس کرنا، کسی کی آنکھوں میں نمی دیکھ کر اس کا حال جان لینا، کسی پریشان انسان کے پاس بغیر کسی غرض کے بیٹھنا اور کسی کے دکھ میں اپنا سکون قربان کر دینا، یہ وہ انسانی کیفیات ہیں جن کی قدر کسی الگورتھم یا تیز رفتار نظام سے نہیں ناپی جا سکتی۔



انسان کی سب سے بڑی ضرورت صرف جواب حاصل کرنا نہیں بل کہ یہ احساس بھی ہے کہ کوئی اسے سنے، سمجھے، اس کی فکر کرے اور اس کے وجود کو اہمیت دے۔ ایک مشین معلومات فراہم کر سکتی ہے لیکن حقیقی انسانی تعلق اپنی جگہ ایک منفرد اہمیت رکھتا ہے۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم نے اپنی زندگی میں سہولتوں کو اتنی اہمیت دے دی ہے کہ بعض اوقات تعلقات کے لیے وقت نکالنا بھی مشکل محسوس ہونے لگا ہے۔ ہمارے پاس دنیا بھر کی خبریں پڑھنے کا وقت ہے، دوسروں کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کا وقت ہے، گھنٹوں ویڈیوز دیکھنے کا وقت ہے لیکن اپنے والدین کے پاس بیٹھنے، بچوں کی بات سننے، شریک حیات کے احساسات سمجھنے اور کسی پرانے دوست کی خیریت دریافت کرنے کے لیے وقت کم پڑ جاتا ہے۔

ہم سوشل میڈیا پر خوشیوں کا اظہار کرتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ ہمارے قریبی لوگ ہماری حقیقی کیفیت سے واقف ہوں۔ ہم دوسروں کی تصاویر پر تبصرے کرتے ہیں مگر کبھی اپنے ہی گھر میں بیٹھے کسی خاموش انسان سے نہیں پوچھتے کہ اس کے دل پر کیا گزر رہی ہے؟ ہم ہزاروں لوگوں سے جڑے ہونے کا احساس رکھتے ہیں لیکن اندر سے تنہائی کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔

یہاں ایک بنیادی حقیقت کو سمجھنا ضروری ہے۔ رشتے صرف موجودگی سے نہیں، توجہ سے زندہ رہتے ہیں۔ کسی کے ساتھ ایک کمرے میں موجود ہونا اور اس کے ساتھ حقیقی طور پر وقت گزارنا دو مختلف باتیں ہیں۔ جب ہماری توجہ مسلسل اسکرین کی طرف رہے تو جسمانی قربت کے باوجود جذباتی فاصلے بڑھ سکتے ہیں۔

اس مسئلے کی ذمہ داری صرف ٹیکنالوجی پر ڈال دینا بھی درست نہیں۔ اصل سوال انسان کے رویے، ترجیحات اور استعمال کے طریقے کا ہے۔ وہی موبائل فون کسی دور بیٹھے عزیز کو قریب لا سکتا ہے، کسی طالب علم کو علم تک رسائی دے سکتا ہے اور کسی ضرورت مند کے لیے مدد کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ اسی طرح مصنوعی ذہانت انسان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے لیکن جب سہولت عادت بن جائے، عادت ضرورت سے بڑھ کر انحصار بن جائے اور انحصار حقیقی زندگی کو متاثر کرنے لگے تو ہمیں رک کر اپنے طرز زندگی کا جائزہ لینا چاہیے۔

ترقی کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اپنی انسانی شناخت کو پیچھے چھوڑ دیں۔ مشینوں کو زیادہ ذہین بنانا یقیناً ایک کامیابی ہے لیکن اپنے اندر احساس، برداشت، ہمدردی اور محبت کو زندہ رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ اگر ہم مصنوعی ذہانت کے ذریعے مشکل کام آسان کر سکتے ہیں تو ہمیں اپنی انسانی صلاحیتوں کو بھی بہتر بنانا چاہیے۔ ہمیں سیکھنا ہوگا کہ ٹیکنالوجی کو اپنی زندگی کا معاون بنائیں، اپنی زندگی کا متبادل نہیں۔

ہمیں اپنے گھروں میں ایسی فضا قائم کرنے کی ضرورت ہے جہاں گفت گو کو اہمیت دی جائے، جہاں بچے بلا خوف اپنے مسائل بیان کر سکیں، جہاں والدین کو بڑھاپے میں تنہائی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور جہاں رشتے محض ذمہ داری نہیں بل کہ محبت اور احترام کا ذریعہ ہوں۔ ہمیں کبھی کبھی موبائل فون ایک طرف رکھ کر اپنے سامنے بیٹھے انسان کو پوری توجہ دینی چاہیے۔ کسی کی بات سنتے وقت جواب تیار کرنے کے بجائے اس کے احساسات سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیوں کہ بعض اوقات کسی انسان کو مشورے سے زیادہ ایک ایسے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کی بات خاموشی سے سن سکے۔

آج ہمیں اپنے آپ سے چند سوالات ضرور کرنے چاہییں۔

کیا ہم اپنے پیاروں کو اتنا وقت دے رہے ہیں جتنا وہ ہم سے چاہتے ہیں؟ کیا ہماری ڈیجیٹل مصروفیات ہمارے حقیقی تعلقات کو متاثر کر رہی ہیں؟ کیا ہم اپنی کامیابیوں کے سفر میں ان لوگوں کو نظر انداز تو نہیں کر رہے جنھوں نے ہماری زندگی کو معنی دیے؟ اور کیا ہم ایک ایسی دنیا تعمیر کر رہے ہیں جہاں معلومات تو بے شمار ہوں گی مگر احساسات بانٹنے والے لوگ کم ہوتے جائیں گے؟

ان سوالات کے جواب ہمیں اپنی زندگیوں میں تلاش کرنے ہوں گے کیوں کہ انسانی رشتوں کی بحالی کسی نئی ایجاد سے نہیں بل کہ ہمارے اپنے رویوں میں تبدیلی سے ممکن ہے۔

میری نظر میں حقیقی ترقی وہ نہیں جو صرف انسان کی رفتار بڑھا دے بل کہ وہ ہے جو انسان کے کردار، شعور اور احساس کو بھی بلند کرے۔ اگر ٹیکنالوجی ہمیں زیادہ باخبر، زیادہ مؤثر اور زیادہ باصلاحیت بنا رہی ہے تو اسے ہمیں زیادہ ذمہ دار اور زیادہ ہمدرد بھی بنانا چاہیے۔ ہمیں ایسی ترقی درکار ہے جو انسان کو انسان سے جدا نہ کرے بل کہ فاصلے کم کرنے، رشتے مضبوط بنانے اور زندگی کو بہتر بنانے کا ذریعہ بنے۔

آخر میں، میں یہی کہنا چاہوں گی کہ مصنوعی ذہانت کے اس دور میں ہمیں انسان ہونے کی اہمیت نہیں بھولنی چاہیے۔ دنیا کی ہر نئی ایجاد اپنی جگہ قابل قدر ہے لیکن محبت، خلوص، احساس، قربانی اور اپنائیت کی قدر اپنی جگہ برقرار رہنی چاہیے۔ مشینوں کی دنیا میں آگے بڑھتے ہوئے ہمیں اپنے دلوں کی دنیا کو ویران نہیں ہونے دینا چاہیے کیوں کہ اگر انسان نے پوری دنیا سے رابطہ قائم کر لیا مگر اپنے ہی لوگوں سے تعلق کھو دیا، تو یہ رابطوں کی وسعت تو ہو گی لیکن رشتوں کی حقیقی ترقی نہیں۔

ٹیکنالوجی انسان کے ہاتھ میں ایک طاقت ہے اسے انسان کے دل پر حاوی نہیں ہونا چاہیے۔

دوستی کا انتخاب، ایمان کی حفاظت



تحریر: اختر علی مہر

انسان کی زندگی میں دوست کا انتخاب معمولی معاملہ نہیں، بلکہ یہ اس کے کردار، سوچ، ذا اخلاق اور ایمان پر گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ بعض اوقات انسان اپنے دوستوں کی صحبت میں ایسے راستے پر چل پڑتا ہے جس کا اسے خود بھی احساس نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے دوستی کو محض وقت گزارنے کا ذریعہ نہیں، بلکہ انسان کی دینی اور اخلاقی زندگی سے وابستہ ایک اہم معاملہ قرار دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے دوستی کے انتخاب کے بارے میں ایک ایسا اصول عطا فرمایا جو ہر دور کے انسان کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آدمی اپنے گہرے دوست کے دین اور طریقے پر ہوتا ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔

سنن ابی داود، کتاب الادب، 4833 جامع الترمذی، ابواب الزہد، 2378 یہ حدیث ہمیں متنبہ کرتی ہے کہ دوست صرف ہمارے ساتھ ہنسنے، بولنے اور وقت گزارنے والا شخص نہیں ہوتا، بلکہ اس کی عادات، خیالات اور اعمال رفتہ رفتہ ہماری زندگی میں بھی جگہ بنا سکتے ہیں۔ اگر دوست نماز کا پابند، سچ بولنے والا، امانت دار اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہو تو اس کی صحبت نیکی کی طرف رغبت پیدا کرتی ہے۔ اس کے برعکس، اگر صحبت جھوٹ، غیبت، بدزبانی اور گناہوں پر آمادہ کرنے والی ہو تو انسان کے لیے اپنے کردار کی حفاظت مشکل ہو سکتی ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اس دن گہرے دوست ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے، سوائے پرہیزگاروں کے۔ سورۃ الزخرف، 43:67 یہ آیت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ہر دوستی کی قدر و قیمت دنیا کی خوشیوں سے نہیں، بلکہ اس کے انجام سے بھی پہچانی جائے گی۔ جو دوست ہمیں اللہ تعالیٰ کی یاد، نماز، سچائی اور نیکی سے قریب کرے، وہ حقیقی خیر خواہ ہے۔ اور جو ہمیں گناہوں کی طرف لے جائے، اس کی محبت پر نظرِ ثانی ضروری ہے۔

آج ہمیں اپنے دوستوں کے ساتھ اپنی صحبت کا بھی جائزہ لینا چاہیے۔ کیا ہماری محفلوں میں قرآن و سنت کی بات ہوتی ہے۔ کیا ہم ایک دوسرے کو برائی سے روکتے اور بھلائی کی ترغیب دیتے ہیں۔ کیا ہماری دوستی ہمیں بہتر انسان بنا رہی ہے

یاد رکھیے اچھا دوست وہ نہیں جو ہر غلط کام میں ہمارا ساتھ دے، بلکہ وہ ہے جو غلط راستے پر قدم بڑھاتے دیکھ کر ہمیں روک لے۔ ایسی دوستی اختیار کیجیے جو دنیا میں کردار سنوارے اور آخرت میں بھی نفع کا سبب بنے۔

اپنا کسان بینک، زرعی خوشحالی کی سمت انقلابی قدم



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں کاشت کاروں کے لیے پہلا "اپنا کسان بینک" قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کسانوں کی طرف سے اس اعلان کو بہت زبردست پذیرائی مل رہی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معیشت کا پہیہ زراعت کے بغیر نہیں چل سکتا اور زراعت کا پہیہ کسان کے بغیر حرکت نہیں کر سکتا۔ کسان خوشحال ہو تو منڈی آباد ہوتی ہے، زراعت کی ترقی سے صنعت کا پہیہ تیز ہوتا ہے، اس سے دیہی معیشت میں گردش زر بڑھتی ہے اور ملک کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت مضبوط ہوتی ہے۔ اس اعتبار سے پنجاب میں کاشتکاروں کے لیے پہلے "اپنا کسان بینک" کے قیام کا اعلان ایک ایسا قدم ہے جسے محض ایک مالیاتی منصوبہ نہیں بلکہ زرعی معیشت کی مضبوط بنیاد قرار دیا جا سکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے کاشتکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اعلانات، خصوصاً اپنا کسان بینک، کسان کارڈ، زرعی قرضوں میں سہولت، ڈی اے پی سپورٹ، گندم کی امدادی قیمت پر عملدرآمد، زیتون کی کاشت کے فروغ اور آبپاشی کے نظام میں بہتری کے اقدامات اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت پنجاب زراعت کو محض ایک شعبہ نہیں بلکہ صوبے اور ملک کی معاشی ترقی کا بنیادی ستون سمجھ رہی ہے۔

اپنا کسان بینک کا قیام اس لیے بھی اہم ہے کہ ہمارے کسان کو فصل کاشت کرنے سے پہلے ہی کئی مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بیج، کھاد، زرعی ادویات، ڈیزل، بجلی، پانی، مشینری اور مزدوری کے اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں۔ ایسی صورت حال میں چھوٹا کسان خاص طور پر سرمایہ کی کمی کے باعث اکثر ایسے ذرائع سے قرض لینے پر مجبور ہو جاتا ہے جہاں اسے بھاری منافع یا سود ادا کرنا پڑتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کسان کی فصل کی آمدنی کا بڑا حصہ قرض اتارنے میں چلا جاتا ہے۔ اگر اپنا کسان بینک واقعی کسان دوست بینکاری کا مؤثر ذریعہ بن جاتا ہے تو یہ صورت حال تبدیل ہو سکتی ہے۔ اعلان کے مطابق ایک کروڑ روپے تک قرض پر زیرو مارک اپ، تین کروڑ روپے تک دو فیصد اور پانچ کروڑ روپے تک پانچ فیصد شرح سود کی سہولت کسانوں کو زرعی سرگرمیوں کے لیے سستا سرمایہ فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ تاہم اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہو گی جب یہ قرضے کاغذی کارروائی، سفارش، سیاسی وابستگی اور غیر ضروری ضمانتوں کی پیچیدگی سے آزاد ہو کر آسان اور سادہ پراسیس کے ذریعے حقیقی کاشتکار تک پہنچیں۔

اپنا کسان بینک کے اغراض و مقاصد صرف قرض فراہم کرنے تک محدود نہیں ہونے چاہئیں۔ اسے کسان کے لیے ایک مکمل "ون ونڈو زرعی مالیاتی مرکز" بننا چاہیے، جہاں کسان کو قرض کے ساتھ ساتھ فصل، مارکیٹ، جدید زرعی ٹیکنالوجی، فصلوں کی انشورنس، موسمی حالات، پانی کے استعمال اور بہتر بیج کے بارے میں رہنمائی بھی میسر ہو۔ اگر بینک کسان کو صرف پیسہ دے گا تو وہ ایک عام مالیاتی ادارہ ہو گا، لیکن اگر وہ کسان کو درست فیصلہ کرنے اور اس پر عمل درآمد میں بھی مدد دے گا تو حقیقی معنوں میں "اپنا کسان بینک" بن سکے گا۔

پنجاب گورنمنٹ کا کسان کارڈ بھی اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ حکومت کے مطابق پنجاب میں دس لاکھ سے زائد چھوٹے کاشتکار اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ڈی اے پی کی خریداری کے لیے فی ایکڑ قرض میں اضافہ اور کسان کو 30 ہزار سے بڑھا کر 33 ہزار 500 روپے فی ایکڑ تک سہولت دینا بھی زرعی لاگت کم کرنے کی کوشش ہے۔ پنجاب بھر میں 17 ارب روپے کے قرض سے 50 لاکھ ایکڑ رقبے کے مالکان کو فائدہ پہنچانے کا ہدف بھی قابلِ قدر اقدام ہے۔

تاہم ہمیں یہ حقیقت نہیں بھولنی چاہیے کہ کسان کو صرف قرض نہیں، مناسب قیمت اور یقینی منڈی بھی درکار ہے۔ اگر کسان مہنگی کھاد، مہنگا ڈیزل اور مہنگا بیج خرید کر فصل تیار کرے اور فصل تیار ہونے کے بعد اسے اپنی پیداوار کی مناسب قیمت نہ ملے تو سستا قرض بھی اس کا مسئلہ مستقل طور پر حل نہیں کر سکتا۔ کسان کی تمام نقد آور فصلوں کی سرکاری خرید کا انتظام ملک کو زرعی خود کفالت کی طرف لے جانے میں اہم پیش رفت ثابت ہو سکتا ہے۔

حکومت کو اپنا کسان بینک کے ذریعے فصلوں کی انشورنس کا نظام بھی متعارف کرانا چاہیے۔ سیلاب، بارش، ژالہ باری، خشک سالی، کیڑوں اور بیماریوں سے فصل تباہ ہونے کی صورت میں کسان کا پورا سرمایہ ڈوب جاتا ہے۔ ایک ایسا زرعی انشورنس نظام جس میں حکومت بھی اپنا حصہ ڈالے، کسان کو قدرتی آفات کے خلاف مضبوط تحفظ فراہم کر سکتا ہے۔ اسی طرح کسان کی جدید زرعی مشینری تک آسان رسائی بھی ضروری ہے۔ ہر چھوٹا کسان ٹریکٹر، ہارویسٹر، ڈرون، جدید آبپاشی نظام یا دیگر مہنگی مشینری خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ اپنا کسان بینک مشترکہ مشینری مراکز یا آسان اقساط پر زرعی آلات کی فراہمی کا نظام شروع کرے تو پیداواری لاگت کم اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ اپنا کسان بینک میں شفافیت اور میرٹ کو بنیادی اصول بنانا ہوگا۔ قرض اسی کسان کو ملنا چاہیے جو زمین کاشت کرتا ہے، نہ کہ اس شخص کو جو سیاسی یا انتظامی اثر و رسوخ رکھتا ہو۔ درخواست، منظوری، رقم کی منتقلی اور واپسی کا پورا نظام ڈیجیٹل، آسان اور قابل نگرانی ہونا چاہیے تاکہ کسی مڈل مین، ایجنٹ یا سفارش کی ضرورت باقی نہ رہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ بینک کا دائرہ صرف بڑے زمینداروں تک محدود نہ ہو۔ پاکستان کا اصل کسان وہ چھوٹا اور درمیانہ کاشتکار ہے جو چند ایکڑ زمین پر اپنے خاندان کا مستقبل وابستہ کیے بیٹھا ہے۔ اگر اپنا کسان بینک ایسے کسان کو مضبوط بنا دیتا ہے تو یہ محض ایک بینک نہیں بلکہ دیہی خوشحالی کا ادارہ بن سکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کا یہ کہنا بجا ہے کہ پنجاب پاکستان کی فوڈ باسکٹ ہے اور ملک کی معاشی ترقی کا پہیہ پنجاب کے کسان کے بغیر نہیں چل سکتا۔ ہمیں توقع کرنی چاہیے کہ اپنا کسان بینک آنے والے برسوں میں کسان کے لیے اسی اعتماد کی علامت بنے گا جس کی اسے عرصہ دراز سے ضرورت ہے۔ ایسا بینک جہاں کسان قرض لینے والا مجبور شخص نہیں بلکہ ملک کی غذائی سلامتی اور معاشی ترقی کا اہم شراکت دار سمجھا جائے۔

کسان کو خیرات نہیں، سرمایہ، مناسب قیمت، جدید ٹیکنالوجی، پانی، منڈی اور عزت چاہیے۔ اگر حکومت یہ سب فراہم کرنے میں کامیاب ہو گئی تو پنجاب کا کسان صرف اپنی فصلیں نہیں اگائے گا بلکہ ملکی معیشت کے لیے خوشحالی کی نئی فصل بھی کاشت کرے گا۔

عقائد، عقل اور اندھی تقلید۔۔۔۔۔۔۔از قلم: طفیل مگسی

تاریخ انسانی میں مذاہب نے تہذیبوں کی بنیاد رکھی، اخلاقی نظام دیے، اور فرد و معاشرے کو ایک نظم و ضبط کا راستہ دکھایا۔ تاہم، اسی تاریخ کے اوراق میں بے شمار ایسے قصے بھی ملتے ہیں جو عقلی، سائنسی یا فطری اصولوں سے انحراف کرتے ہیں۔ ان میں مافوق الفطرت اور غیر منطقی واقعات کو نہ صرف سچ مانا جاتا ہے بلکہ ان پر ایمان لانا دینداری کی معراج سمجھا جاتا ہے۔ سوال کرنے والا مجرم ٹھہرتا ہے، اور سوچنے والا کافر کہلاتا ہے۔ یہ رویہ فرد کی ذہنی آزادی، سماجی ارتقا اور سائنسی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن چکا ہے۔ مافوق الفطرت کہانیاں: مذہبی ورثہ یا تخیلاتی نفسیات؟

ہر بڑے مذہب میں ایسی کہانیاں موجود ہیں جو انسان کی عقل اور تجربے سے ماورا دکھائی دیتی ہیں۔ جیسے حضرت شمس تبریز کا سورج سے مچھلی بھنوانا یا ہنومان کا سورج نگل جانا یہ روایات دراصل علامتی، اساطیری یا تمثیلی ہو سکتی ہیں، مگر انہیں حرف بہ حرف سچ ماننا اور ان پر سوال اٹھانے کو جرم سمجھنا، ایک فکری جمود کی علامت ہے۔

اس رجحان کی جڑیں انسانی نفسیات اور تہذیبی ساخت میں پیوست ہیں۔ جب انسان اپنے ماحول کو نہیں سمجھ پاتا، وہ تخیل، الوہیت اور مافوق الفطرت بیانیے کی طرف رجوع کرتا ہے۔ ایسے واقعات دراصل علامتی طور پر طاقت، عقیدت، روحانیت یا اخلاقی پیغام پہنچانے کی کوشش ہو سکتے ہیں۔ مگر صدیوں کی تقلید نے انہیں تاریخ کا سچ مان لیا، اور ان پر سوال اٹھانا گویا پوری تہذیبی شناخت کو چیلنج کرنا بن گیا۔

سوشیالوجی اور ذہن سازی

معاشرے میں مذہب ایک طاقتور ادارہ ہے، جو صرف عقائد تک محدود نہیں بلکہ شناخت، اقتدار اور سیاسی طاقت کا بھی ذریعہ ہے۔ ایسے نظام میں اگر کوئی فرد ان "مسلمات" پر سوال اٹھائے تو وہ پورے نظام پر خطرہ بن جاتا ہے۔ نتیجتاً، سوال کرنے والا فرد تنہائی، طعن و تشنیع، اور حتیٰ کہ تشدد کا شکار ہوتا ہے۔

یہ رویہ صرف مذہبی معاشروں میں نہیں بلکہ ہر وہ نظام جو طاقت پر قائم ہو، وہ سوال سے خائف ہوتا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ مذہبی بیانیے کو "مقدس" قرار دے کر اس کے خلاف آواز اٹھانا مزید حساس بنا دیا جاتا ہے۔

سائنس، سوال اور شعور کی راہ

سائنس کا پہلا اصول سوال کرنا ہے۔ نظریات کو بار بار پرکھا جاتا ہے، رد کیا جاتا ہے، اور بہتر نظریات وضع کیے جاتے ہیں۔ یہی انسانی ترقی کی بنیاد ہے۔ مگر جب عقائد کو مقدس اور غیر متغیر مان لیا جائے، تو شعور کی ترقی رک جاتی ہے۔ اندھی تقلید نہ صرف فکری جمود پیدا کرتی ہے بلکہ سائنسی تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، اور عقلی مکالمے کے دروازے بند کر دیتی ہے۔

یہ طرزِ فکر ہمارے تعلیمی نظام، میڈیا، اور مذہبی اداروں میں رچا بسا ہوا ہے۔ طلبہ کو سوال کرنے کے بجائے رٹنے کی تربیت دی جاتی ہے۔ عقائد کو سوچنے کے بجائے ماننے پر زور دیا جاتا ہے۔

نفسیاتی پہلو: خوف اور شناخت

اندھی تقلید کی نفسیات میں خوف کا عنصر بنیادی حیثیت رکھتا ہے: خوف جہنم، خوف کفر، خوف معاشرتی ردعمل۔ اس کے ساتھ ساتھ انسان کی شناخت کا ایک بڑا حصہ اس کے عقائد پر مبنی ہوتا ہے۔ جب کوئی ان عقائد پر سوال اٹھاتا ہے تو فرد اسے اپنی ذات پر حملہ سمجھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جذباتی ردعمل میں لوگ سوال کرنے والے کو مرتد، گستاخ یا گمراہ قرار دے دیتے ہیں۔

حل اور اقدامات:

1. تعلیم میں اصلاح: تنقیدی سوچ، سائنسی تحقیق، اور مکالمے کی تربیت کو نصاب کا حصہ بنایا جائے۔

2. سوشیالوجیکل شعور: معاشرتی ساخت، مذہب اور طاقت کے تعلق کو سمجھایا جائے۔

3. مذہبی بیانیے کی عقلی تشریح: مذہبی رہنما اپنی ذمہ داری سمجھیں کہ روایات کی تمثیلی اور علامتی تشریح کو فروغ دیں۔

4. اظہار رائے کی آزادی: فکری آزادی کو قانونی اور سماجی تحفظ دیا جائے تاکہ سوال کرنے والا محفوظ رہے۔

5. میڈیا کا کردار: میڈیا کو سنجیدہ مکالمے، فکری مباحث اور تنقیدی شعور اجاگر کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔

نتیجہ:

اندھی تقلید صرف ایک فکری کمزوری نہیں بلکہ ایک سماجی اور تہذیبی بیماری ہے۔ جب تک ہم سوال کرنے کو جرم سمجھتے رہیں گے، نہ علم بڑھے گا، نہ تہذیب ترقی کرے گی، نہ انسان آزاد ہوگا۔ مذہب اگر روح کی تطہیر اور اخلاق کا پیغام ہے، تو عقل اور سوال اس کی جان۔ عقائد کو عقل کی روشنی میں دیکھنا ہی ہمیں ایک بہتر انسان، ایک بہتر معاشرہ، اور ایک بہتر دنیا کی طرف لے جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆☆☆ 1

جعلی شناخت بنا کر خود کو ہم عمر یا مخالف جنس ظاہر کرتے، دوستی کے بعد تحائف، موبائل ریچارج، انٹرنیٹ پیکجز یا رقم کا لالچ دے کر بچوں سے نجی تصاویر و ویڈیوز حاصل کرتے اور بعد ازاں انہیں وائرل یا فحش ویب سائٹس پر [illegible]

بقیہ نمبر ☆☆☆ 5

پرا جیکٹس لگائے جائیں گے جبکہ مجوزہ ماڈل کے تحت 12 گھنٹے آف گرڈ اور 12 گھنٹے نیشنل گرڈ سے بجلی کی فراہمی کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ سیکرٹری توانائی محمد اجمل بھٹی، سپیشل سیکرٹری انڈسٹریز نوشین ملک، چیئرمین پیڈ تک شہزادہ اعظم، توانائی کمپنیوں کے سی ای اوز اور دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

22,154 بیڈز ہیں۔ تقریباً 1,600 افراد کے لیے 1 بستر ہے۔ بلوچستان میں 132 سرکاری اسپتالوں میں 7,747 بیڈز ہیں۔ تقریباً 1,700 افراد کے لیے 1 بستر ہے۔ اسلام آباد میں 9 اسپتالوں میں 1 میں 2,571 [illegible]

ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب ہم کہتے ہیں کہ نیت کی اس نماز کی، حاضر پیچھے امام کے، تو امام باپ ہوتا ہے، میں نے کہا ہم مولانا کے لیے اسعد کی طرح ہیں، ان کے بیٹے اسعد کی جگہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رات کو مجھے ایک ملعونہ کا میسج آیا کہ تمہارے شناختی کارڈ پر تو لکھا ہوا ہے محمد صفدر ولد محمد اسحاق تو مولانا فضل الرحمٰن کہاں سے آ گیا؟ میں نے کہا [illegible]

بقیہ نمبر ☆☆☆ 12

شریف نے کی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف دسمبر کے پہلے ہفتے میں روس کا سرکاری دورہ کریں گے اور ان کے ہمراہ بڑا تجارتی وفد بھی ماسکو جائے گا [illegible]

بقیہ نمبر ☆☆☆ 16

کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال [illegible]

اسٹارٹ اپ کام کر رہے ہیں۔ 50 مشترکہ سہولتوں کو یکجا کر کے انڈسٹریل کلسٹرز قائم کیے جا رہے ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ سپیشل اکنامک زونز اور انڈسٹریل اسٹیٹس رئیل اسٹیٹ کا کاروبار بن کر رہ گئے ہیں۔ اب انڈسٹری کے لیے زمین 80 ہزار سے دو لاکھ روپے ماہانہ لیز پر فراہم کی جائے گی۔ چھوٹے اور درمیانے درجے [illegible]

فاروق، ہاکی لیجنڈز اولمپین منظور الحسن، اولمپین شہباز احمد سینئر، طاہر زمان اور خواجہ جنید سمیت دیگر معروف ہاکی کھلاڑی اس موقع پر موجود تھے۔ پی ایچ ایف کے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کرنل (ر) ناصر اخونزادہ، پی ایچ ایف میڈیا منیجر وقاص شیخ اور ہاکی شائقین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ میچ کے اختتام پر چیف سپورٹس آفیسر [illegible]

بقیہ نمبر ☆☆☆ 2

بقیہ نمبر ☆☆☆ 3

بقیہ نمبر ☆☆☆ 4

بقیہ نمبر ☆☆☆ 6

بقیہ نمبر ☆☆☆ 7

بقیہ نمبر ☆☆☆ 8

بقیہ نمبر ☆☆☆ 9

بقیہ نمبر ☆☆☆ 10

بقیہ نمبر ☆☆☆ 11

بقیہ نمبر ☆☆☆ 13

بقیہ نمبر ☆☆☆ 14

بقیہ نمبر ☆☆☆ 15

بقیہ نمبر ☆☆☆ 17

بقیہ نمبر ☆☆☆ 18

بقیہ نمبر ☆☆☆ 19

بقیہ نمبر ☆☆☆ 20

بقیہ نمبر ☆☆☆ 21

سافکو محراب پور کے سافکو مورو کیخلاف بھی عوام سراپا احتجاج ہے

بتایا کہ مجبوری میں سافکو بینک سے سود پر پیسے لیئے تھے جس کی اقساط ہم ہر ماہ کی ابتدا میں باقاعدگی سے جمع کرارہے ہیں



نوشہرو فیروز(ایف اے آئی) سافکو محراب پور کے سافکو مورو کیخلاف بھی عوام سراپا احتجاج، خواتین کا احتجاج، درگاہ جمال شاہ کی رہائشی خواتین مسمات موبل ماچھی نے اپنی والدہ کے ہمراہ سافکو مورو کیخلاف کرتے ہوئے بتایا کہ مجبوری میں سافکو بینک سے سود پر پیسے لیئے تھے جس کی اقساط ہم ہر ماہ کی ابتدا میں باقاعدگی سے جمع کرارہے ہیں سافکو بینک میں کام کرنے والی فرزانہ اور نہیل نامی خاتون نے کیم تاریخ سے پہلے ہی گھر آ کر قسط کا مطالبہ کیا ہم دو دن بعد قسط جمع کرانے کی یقین دہانی کرائی لیکن ہمیں اور دیگر اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا گھر میں توڑ پھوڑ کی گئی، محکمہ پولیس اور سافکو حکام ہمیں انصاف مہیا کریں، یاد رہے کہ سافکو محراب پور کیخلاف برسات (سیلاب) متاثرین سراپا احتجاج ہیں، سافکو محراب پور دفتر، عملے، فیلڈ ٹیموں، انجینئر کی جانب سے گھروں کی تعمیر کیلئے آنے والی امدادی رقم منظور نظر افراد کو بغیر مکان (گھر) تعمیر کیئے دینے اور پہلی 75 ہزار کی قسط میں 15 ہزار کٹوتی، دوسری 1 لاکھ کی قسط میں 50 ہزار کی کٹوتی اور تیسری قسط سے آدھی رقم کاٹنے پر انسانی حقوق کی تنظیم آئی ایچ آر او کی نشاندہی پر گورنر سندھ اور وفاقی تحقیقاتی ادارہ سافکو محراب پور کیخلاف تحقیقات کر رہا ہے۔

عدالت نے جرم ثابت ہونے پر قید اور جرمانے کی سزا کا حکم سنادیا

ایک مقدمہ میں جرم ثابت ہونے پر ملزم مختیار کلہوڑو ولد علی محمد کلہوڑو کو 3 سال قید بامشقت اور 10 ہزار جرمانے کی سزا کا حکم سنایا ہے



نوشہرو فیروز(محبت ملک) جرم ثابت ہونے پر قید اور جرمانے کی سزا کا حکم، اسسٹنٹ سیشن جج درجہ دوئم کنڈیارو کی عدالت کے جج فاروق احمد مخدوم نے اسلحہ برآمدگی کے ایک مقدمہ میں جرم ثابت ہونے پر ملزم مختیار کلہوڑو ولد علی محمد کلہوڑو کو 3 سال قید بامشقت اور 10 ہزار جرمانے کی سزا کا حکم سنایا ہے جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزم کو مزید 2 ماہ سادہ قید بھگتنا ہوگی، ملزم کیخلاف خان واہن پولیس تھانہ پر اسلحہ برآمدگی کا مقدمہ نمبر 132 سال 2024 سرکاری مدعیت میں درج تھا۔

اڈامانا موڑ میں چوری کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے

شہریوں نے ڈی پی او وہاڑی اور ایس ایچ او تھانہ گگو سے فوری کارروائی اور نشئی افراد کے خلاف سخت آپریشن کا مطالبہ کیا ہے۔

بوریوالا (صادق جانباز) اڈامانا موڑ اور گردونواح میں چھوٹی بڑی چوری کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ چوریاں اکثر آئس اور نشہ کرنے والے نشئی افراد کر رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ نشئیوں کی وجہ سے اہل علاقہ غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ آئے دن یہ نشئی کسی کا پانی والا پائپ، کسی کے نل کے پرزے، یہاں تک کہ زمین میں دبی ہوئی ٹربائنوں کی تاریں اور بجلی کی تاریں بھی نکال کر لے جاتے ہیں۔ حالت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ یہ عناصر اب گھروں میں بھی چوریاں کرنے لگے ہیں۔ لوگوں کا قیمتی سامان، موٹر سائیکلیں اور گھریلو اشیا بھی محفوظ نہیں رہیں۔ اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تھانہ گگو پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ پولیس گشت نہ ہونے کی وجہ سے جرائم پیشہ افراد کو کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او وہاڑی اور ایس ایچ او تھانہ گگو سے فوری کارروائی اور نشئی افراد کے خلاف سخت آپریشن کا مطالبہ کیا ہے۔

سید ثمر عباس بخاری این اے 93 کے کوآرڈینیٹر برائے پانی و بجلی مقرر وفاقی حکومت کا نوٹیفکیشن جاری

اور واپڈا افسران کیساتھ ایک باہمی رابطے اور طریقہ کار کے تحت فلاحی منصوبوں کی نگرانی کریں گے



چنیوٹ (نامہ نگار) وفاقی حکومت نے سید ثمر عباس بخاری آف وڈ سیداں کو کوآرڈینیٹر برائے پانی و بجلی این اے 93 بنا کر نوٹیفکیشن جاری کر دیا، سید ثمر عباس بخاری سابق ٹکٹ ہولڈر این اے 93 سید رضا شاہ بخاری کے چھوٹے بھائی ہیں جنہیں مسلم لیگ ن کئے گراں قدر خدمات کی بنا پر اس عہدے سے نوازا گیا، سید ثمر عباس بخاری علاقے کے معروف زمیندار خود نہایت شریف النفس ہیں وفاقی وزیر پانی و بجلی سردار اویس لغاری اور انکے ساتھی جلد ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جن احباب کے نوٹیفکیشن جاری ہوئے ہیں انہیں ایک کنونشن کی صورت میں بریف کرینگے تاکہ عوامی مسائل کیلئے کوآرڈینیٹرز اپنے اہم کردار ادا کرسکیں ،زمینداروں کے مسائل سے لیکر ٹیوب ویل کنکشن اور بجلی سپلائی لائنوں کو بچھانے اور بجلی سے متعلق حکومت کے منصوبہ جات کی کوارڈینیٹر کڑی نگرانی کریں گے اور واپڈا افسران کیساتھ ایک باہمی رابطے اور طریقہ کار کے تحت فلاحی منصوبوں کی نگرانی کریں گے شہریوں کی واپڈا سے متعلق شکایات کا از خود نوٹس لیکر اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرینگے منصوبوں کی سست روی پر فوری ایکشن لیکر اسے سپیڈی بنانے میں بھی اپنا کردار ادا کرینگے، علاقے کی سیاسی سماجی وتجارتی شخصیات جن میں چیئرمین کانسٹیٹیوشنل لائرز فورم چوہدری دوست محمد آسی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ،سردار اسد ریاض بلوچ نمبردار، چوہدری اللہ رکھا گروپ چیئرمین ڈیموکریٹک الائنس، شیخ مرتضیٰ مصطفیٰ گروپ صدر ڈیموکریٹک الائنس، چوہدری ابوبکر، چوہدری احمد سعید چڈھر ،سینئیر صحافی منور دین چوہدری، سردار عرفان دھامنہ، مہر اکرام جرنلسٹ ،میاں عامر پرنس صدر ہیومن رائٹس انٹرنیشنل ،چوہدری عابد عثمانی نائب صدر، ضلعی صدر تاجر الائنس چوہدری اصغر علی جٹ ،امیر و نائب امیر سید نور الحسن، برادر طاہر قدیر، رانا شہزاد اقبال تحصیل صدر ن لیگ ,میاں شہزاد لالی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، قاسم نیکوکارہ، عاصم نیکوکارہ، عباس سنگرا، ظفر سنگرا، ظفر ہربل، محمد علی شاہ، علی شہزاد شاہ، علی زین شاہ، محمد عرفان سید، کمیل سید ،فرخ رضا، نور زمان خان، اکبر خان، کاشف نسیوآنہ، اسد نسیوآنہ، عدیل نسیوآنہ، محمد خان نسیوآنہ، منظور شاہ، جعفر شاہ، سید غلام علی شاہ، فرحت شاہ، حسین شاہ، وقار لالی، بابر چڈھر، علی عمران ہربل، فیصل گلوتر، لیاقت سپرا نے سید ثمر بخاری کی تعیناتی کو علاقے کیلئے نیک شگون قرار دیا ہے جبکہ سابق ممبر ضلع کونسل سمیت سابق ناظمین و نمبرداروں کی بڑی تعداد نے شاہ صاحب کی تعیناتی پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور علاقے کیلئے ایک نیک شگون قرار دیا ہے۔

بورے والا آمد پر خوش آمدید، رانا طاہر کریم خاں صاحب !

کچھ شخصیات اپنے عہدے یا مقام سے نہیں، بلکہ اپنے اخلاق، خلوص، محبت اور اعلیٰ کردار سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بناتی ہیں



بوریوالا (محمد رمضان) کچھ شخصیات اپنے عہدے یا مقام سے نہیں، بلکہ اپنے اخلاق، خلوص، محبت اور اعلیٰ کردار سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بناتی ہیں۔ قابل احترام رانا طاہر کریم خاں صاحب، چیف ایگزیکٹو الکریم ڈویلپرز بھی انہی خوبصورت اور قابل قدر شخصیات میں سے ایک ہیں۔ آپ شہر کی ایک معروف سیاسی وسماجی شخصیت ہیں، جنہوں نے بورے والا کی تعمیر و ترقی اور فلاح و بہبود کے حوالے سے اپنا نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ آپ جیسے مخلص اور دردِ دل رکھنے والے لوگ کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ آپ کی شخصیت کی خوبصورتی یہ ہے کہ آپ تعلقات کو عہدوں اور مفادات سے نہیں، بلکہ خلوص، محبت اور باہمی احترام سے نبھاتے ہیں۔ ایسے رشتے وقت گزرنے کے ساتھ مزید مضبوط اور خوبصورت ہوتے جاتے ہیں۔ مختلف ممالک کے دورے کے بعد اپنے شہر بورے والا واپسی پر آپ کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے تمام سفر قبول فرمائے، آپ کو صحت و سلامتی کے ساتھ ہمیشہ خوش و خرم رکھے اور آپ کی عزت، وقار، کاروبار اور کامیابیوں میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین!

231 ای بی میں زمین کے تنازع پر رشتے داروں کے درمیان فائرنگ، ایک شخص زخمی ہوگیا

جسے فوری طور پر گگو منڈی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے



بوریوالا (محمد رمضان) چک نمبر 231 ای بی میں زمین کے تنازع پر رشتے داروں کے درمیان فائرنگ، ایک شخص زخمی بورے والا چک نمبر 231 ای بی میں زمین کے تنازع نے خونی تصادم کی صورت اختیار کرلی، جہاں رشتے داروں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں صدام پوار نامی شخص زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق زمین کی ملکیت کے تنازع پر رشتے داروں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جس کے بعد فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں صدام پوار گولی لگنے سے زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر گگو منڈی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی فضا پائی جاتی ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔

پولیس تھانہ ماڈل ٹاؤن کی شراب فروشوں کے خلاف کاروائی جاری تین شراب فروش گرفتار

ایس ایچ او تھانہ ماڈل ٹاؤن بوریوالا خالد محمود چوہان نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے مزید قانونی کاروائی کا آغاز کردیا ہے



بوریوالا (محمد رمضان) ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی ہدایات پر پولیس تھانہ ماڈل ٹاؤن بوریوالا کی شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں مختلف کارروائیوں کے دوران 3 شراب فروش گرفتار، ملزمان سے مجموعی طور پر 73 لیٹر شراب برآمد کاروائیوں کے دوران منشیات فروش ارسلان سے 28 لیٹر شراب، سعید سے 20 لیٹر جبکہ خلیل سے 25 لیٹر شراب برآمد ایس ایچ او تھانہ ماڈل ٹاؤن بوریوالا خالد محمود چوہان نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید قانونی کاروائی کا آغاز کردیا ہے

گگو منڈی میں سیوریج کا نظام تباہ گندا پانی گھروں میں داخل کئی مکان منہدم ہوگئے


گزشتہ کئی ماہ سے سیوریج سسٹم بند پڑا ہے کالونی کی گلیاں بازار گٹروں کے گندے پانی سے بھرنے کے بعد پانی اب گھروں میں داخل ہونا شروع ہوگیا ہے



گگو منڈی (نامہ نگار) گٹر بند، گندا پانی گھروں میں داخل کئی مکان منہدم علاقہ مکینوں کا شدید احتجاج جانی نقصان ہونے کی صورت میں ڈپٹی کمشنر اور چیف آفیسر ضلع کونسل کے خلاف کاروائی کا اعلان تفصیلات کے مطابق گگو منڈی کی مضافاتی رہائشی آبادی کالونی میں گزشتہ کئی ماہ سے سیوریج سسٹم بند پڑا ہے کالونی کی گلیاں بازار گٹروں کے گندے پانی سے بھرنے کے بعد پانی اب گھروں میں داخل ہونا شروع ہوگیا ہے مکینوں حاجی شاہین اعجاز سیکٹری سجاد عرف چھدا جٹ عبدالرزاق جٹ محمد اکرم، فرزند علی محمد راشد و دیگر نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گندا پانی گلی بازاروں میں جمع ہونے کی وجہ سے رہائشی گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں بچوں کا سکول اور نمازیوں کے مسجد جانے کے راستے بھی بند ہیں رہائشیوں کا کہنا تھا کہ گندا پانی گھروں میں داخل ہونے سے کئی مکان منہدم ہوگئے ہیں اعجاز سیکٹری نے بتایا کہ ضلع کونسل کے افسران کو متعدد بار شکایات کے باوجود گندے پانی کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا ہے علاقہ مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ خدانخواستہ اگر کوئی جانی نقصان ہوگیا تو اس کے ذمہ دار ڈپٹی کمشنر وہاڑی، چیف آفیسر ضلع کونسل اور متعلقہ سب انجینئر ہوں گے

یونیورسٹی آف شانگلہ میں موسمیاتی تبدیلی کلائمیٹ چینج کے حوالے سے ایک اہم آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا

مقررین نے موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات، عالمی سطح پر اس کے خطرناک نتائج اور پاکستان بالخصوص ضلع شانگلہ کو درپیش ماحولیاتی خطرات پر تفصیلی روشنی ڈالی



شانگلہ الپوری (رضا شاہ سے) یونیورسٹی آف شانگلہ میں موسمیاتی تبدیلی) کلائمیٹ چینج کے حوالے سے ایک اہم آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر شانگلہ حامد علی خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروگرام میں مختلف مقررین نے موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات، عالمی سطح پر اس کے خطرناک نتائج اور پاکستان بالخصوص ضلع شانگلہ کو درپیش ماحولیاتی خطرات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے موسمیاتی تبدیلی کو عصر حاضر کا ایک سنگین عالمی بحران قرار دیتے ہوئے کہا کہ درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ، گرین ہاس گیسوں کا اخراج، گلیشیئر کا تیزی سے پگھلنا اور اس کے نتیجے میں آنے والے تباہ کن سیلاب انسانی زندگی، معیشت اور ماحولیات کے لیے بڑے خطرات بن چکے ہیں۔ اس موقع پر اقوام متحدہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی عالمی موسمیاتی کانفرنس COP31 کا حوالہ دیتے ہوئے موسمیاتی تبدیلی کے خلاف عالمی سطح پر مشترکہ اقدامات اور موثر حکمت عملی کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ان علاقوں میں ضلع شانگلہ بھی شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات کے اثرات سے شدید متاثر ہونے کے خدشات رکھتے ہیں۔ ماضی میں 2005، 2010، 2016، 2018 اور 2022 کے دوران آنے والے سیلاب اور زلزلے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ شانگلہ قدرتی آفات کے حوالے سے ایک حساس اور خطرے سے دوچار ضلع ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حامد علی خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع شانگلہ میں این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم اے اور دیگر بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیموں اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے قائم کیے جانے والے مرکز کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے جائیں گے۔ ان اقدامات میں بروقت اطلاع اور پیشگی انتباہ کا نظام مؤثر بنانا، اداروں کی استعداد کار میں اضافہ، عوامی آگاہی مہمات اور قدرتی آفات سے بچاؤ کے لیے ضروری اقدامات شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ بہت جلد اس حوالے سے ایک خصوصی کانفرنس بلائیں گے، جس میں تمام متعلقہ اداروں، غیر سرکاری تنظیموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو مدعو کیا جائے گا تاکہ باہمی مشاورت اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے شانگلہ کو موسمیاتی تبدیلی سے زیادہ متاثر ہونے والے اضلاع کی فہرست سے باہر نکالنے کے لیے عملی اقدامات کیے جاسکیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شانگلہ کو موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے محفوظ بنانے کے لیے اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری، باہمی تعاون اور تمام متعلقہ اداروں کی مؤثر خدمات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مشترکہ کوششوں، پیشگی منصوبہ بندی اور عوامی شعور بیدار کرنے کے ذریعے مستقبل میں قدرتی آفات کے نقصانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ پروگرام کے اختتام پر اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے حکومتی اداروں، تعلیمی حلقوں، سول سوسائٹی اور بین الاقوامی تنظیموں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

شانگلہ میں ضلعی یونٹ برائے انتظام آفات کا افتتاح قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید اور موثر نظام قائم کرنے کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر شانگلہ نے گرین کلائمیٹ فنڈ (GCF)، ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور CESVI کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا



شانگلہ الپوری (رضا شاہ سے) گزشتہ ضلع شانگلہ میں ضلعی یونٹ برائے انتظام آفات (DDMU) کی افتتاح۔ اس یونٹ کے قیام سے ضلع شانگلہ کے اندر قدرتی آفات، سے بچاؤ کیمونٹیز کی استعداد کاری، کوارڈینیشن اور موسمی خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے مضبوط اور مربوط حکمت عملی پر تمام سٹیک ہولڈرز کے درمیان اتفاق رائے بحال شدہ ضلعی یونٹ برائے انتظام آفات، ضلعی ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کے طور پر کام کرے گا، جو ہنگامی حالات کی نگرانی، قبل از وقت وارننگ جاری کرنے، تیاری، ہنگامی ردعمل اور مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری کے لیے مرکزی مرکز ہوگا۔ شانگلہ کو تاحال اچانک آنے والے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، شدید بارشوں، شدید برفباری، طوفانوں، زلزلوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پیدا ہونے والے دیگر خطرات کا سامنا ہے۔ یاد رہے 2005 کے زلزلے سے لیکر 2010 کے سیلاب تک اور بعد میں سیلابوں اور زلزلوں کی شدت نے ضلع شانگلہ کے انفراسٹرکچر زراعت، اور سیاحت کو تباہ کردیا ہے، جس کی وجہ سے غربت میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شانگلہ نے گرین کلائمیٹ فنڈ (GCF)، ورلڈ فوڈ پروگرام (WFP) اور CESVI کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، جنہوں نے ضلعی یونٹ برائے انتظام آفات کی بحالی اور اسے ضروری سہولیات اور وسائل سے آراستہ کرنے میں قابل قدر تعاون فراہم کیا۔ یہ سرمایہ کاری ضلع کی ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانے اور قدرتی آفات وموسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔۔۔یہ یونٹ ضلعی انتظامیہ اور اہم صوبائی و تکنیکی اداروں، بالخصوص پاکستان محکمہ موسمیات (PMD) اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA)، کے درمیان تعاون کو بھی مزید بہتر بنائے گا، تاکہ اہم پیشگی اطلاعات بروقت حاصل کی جاسکیں اور عوام تک پہنچائی جا سکے۔ آفات کے خطرات سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ سرکاری محکموں، انسانی ہمدردی کے تحت کام کرنے والے اداروں، مقامی انتظامیہ اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ اور تعاون موجود ہو۔ ضلعی یونٹ اس بات کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا کہ قبل از وقت جاری کی جانے والی وارننگز کو بروقت، مربوط اور مؤثر عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے۔۔۔شانگلہ کو تاحال اچانک آنے والے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، شدید بارشوں، زلزلوں، اور موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث پیدا ہونے والے دیگر خطرات کا سامنا ہے۔ ہماری مشترکہ ترجیح ہنگامی صورتحال پیدا ہونے کے بعد اقدامات کرنے کے بجائے پہلے سے خطرات کی نشاندہی، پیشگی اقدامات اور مقامی سطح پر عوام کی استعداد کار اور مشکلات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہونی چاہیے۔ اس سلسلے میں انٹیگریٹڈ کلائمیٹ رسک مینجمنٹ (ICRM) منصوبہ ایک اہم فریم ورک فراہم کرتا ہے، جس کے ذریعے ادارہ جاتی صلاحیت میں اضافہ، قبل از وقت وارننگ اور ہنگامی تیاری کے نظام میں بہتری اور موسمیاتی خطرات کے مقابلے کے لیے مقامی آبادی کی استعداد کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔۔۔

پولیس نے ڈاٹسن کو پکڑ کر اس میں رکھا ہوا چوری شدہ 1500 لیٹر برآمد کرلیا

محمد ادریس لاشاری، دربان علی چوہان اور احسن علی اوٹو کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔



نوشہرو فیروز(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈکیتی وارادات میں دوشہری موٹر سائیکل سے محروم، پولیس نے چوری کردہ ڈیزل سمیت 3 افراد کو گرفتار کرلیا، ہنگورجا پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر لعل بخش اسٹاپ کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر غلام مصطفیٰ ہنجراہ سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا، سوبھوڈیرو پولیس تھانہ کی حدود میں نوکھی پل کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر صیلیل سہو سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیا، دوسری طرف مورو پولیس نے ایک کاروائی میں ڈاٹسن کو پکڑ کر اس میں رکھا ہوا چوری شدہ 1500 لیٹر برآمد کرکے محمد ادریس لاشاری، دربان علی چوہان اور احسن علی اوٹو کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کا نواحی قصبے شیخ فاضل بوریوالا کا دورہ

اس موقع پر سجادہ نشین درگاہ اقدس خواجہ نور محمد سہو نے ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او وہاڑی کو دربار آمد پر گلو بند پہنائے



بورے والا (صادق جانباز) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تصور اقبال نے نواحی قصبے شیخ فاضل بوریوالا کا دورہ کیا اور معروف بزرگ خواجہ صوفی اللہ داد سہو کے مزار پر حاضری دی اور دعا مانگی، اس موقع پر سجادہ نشین درگاہ اقدس خواجہ نور محمد سہو نے ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او وہاڑی کو دربار آمد پر گلو بند پہنائے۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے خواجہ صوفی اللہ داد سہو کے سالانہ عرس کے انتظامات اور سیکیورٹی کا جائزہ لیا، حضرت خواجہ صوفی اللہ داد سہو کے 139 ویں اور خواجہ نور محمد سلیمانی سہو کے 97 ویں دو روزہ سالانہ عرس کا آغاز 31 اکتوبر سے ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی نے زائرین کے لیے صفائی، پانی کے چھڑکاؤ، انسداد ڈینگی سپرے اور دیگر سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت کی، جبکہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے فول پروف سکیورٹی، داخلی راستوں پر واک تھرو گیٹس کی تنصیب اور زائرین کی چیکنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی، جادہ نشین درگاہ اقدس خواجہ نور محمد سہو نے کہا کہ عرس کے پہلے روز چادر پوشی اور محفل نعت جبکہ دوسرے روز چادر پوشی اور محفل سماع ہوگی۔

رحیم یار خان: تھانہ اے ڈویژن پولیس کا احسن اقدام، لاپتہ ذہنی معذور نوجوان اپنوں سے ملادیا

نوجوان ذیشان لطیف چند دنوں سے لاپتہ تھا اور اس کے گھر والے شدید تشویش میں تھے۔



رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی) تھانہ اے ڈویژن پولیس کا بچھڑوں کو اپنوں سے ملانے کا سلسلہ جاری، ایک اور ذہنی معذور نوجوان اپنوں تک پہنچ گیا۔ ایس ایچ او مزمل اسحاق اور ان کی ٹیم نے ڈی ایس پی سٹی راؤ ارشاد کی نگرانی میں کارروائی کرتے ہوئے چار پانچ روز سے لاپتہ ذہنی معذور نوجوان کو اس کے گھر والوں سے ملا دیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کوٹ ادو کا رہائشی نوجوان ذیشان لطیف چند دنوں سے لاپتہ تھا اور اس کے گھر والے شدید تشویش میں تھے۔ پکار 15 پر موصولہ اطلاع پر اے ڈویژن پولیس نے فوری کاوشوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اسے ریلوے اسٹیشن سے محفوظ تحویل میں لیا اور ورثا سے رابطہ کیا۔ گزشتہ روز نوجوان کا بھائی عدنان لطیف تھانے پہنچا تو محرر عامر سندھو نے حسب ضابطہ کارروائی کے بعد ذیشان کو اس کے حوالے کر دیا۔ بچھڑے بھائی کو سامنے پا کر انہوں نے اے ڈویژن پولیس ٹیم کی اس انسانی کاوش پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

سب انسپکٹر شعیب منیر اوٹال نے برآمد شدہ موٹر سائیکل مدعی مقدمہ مقبول حسین کے حوالے کردیا

ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔



گگو منڈی (صادق جانباز) ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی ہدایات پر پولیس تھانہ گگو نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم داود مسیح کو گرفتار کر کے مقدمہ نمبر 986/26 میں چوری ہونے والا موٹر سائیکل برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گگو نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے شہری کا چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا۔ اس موقع پر سب انسپکٹر شعیب منیر اوٹال نے برآمد شدہ موٹر سائیکل مدعی مقدمہ مقبول حسین کے حوالے کر دیا۔ موٹر سائیکل واپس ملنے پر مدعی مقدمہ مقبول حسین نے ایس ایچ او تھانہ گگو حسن آفتاب کیانی اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

دریائے سندھ پر نایاب پرندوں کا غیر قانونی شکار عروج پر، محکمہ وائلڈ لائف خاموش تماشائی بن گیا


سی ایم پنجاب مریم نواز صاحبہ سے اپیل کی ہے کہ ان کرپٹ افسران کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے اور پرندوں کی نسل کشی کو بچایا جائے



ڈیرہ غازی خان (عدنان مستوئی) محکمہ وائلڈ لائف خاموش تھانہ دراہمہ کے علاقے میں دریا سندھ پر نایاب پرندوں کی نسل کشی کی جارہی ہے اور مرغابی اور بالکن کا شکار ہو رہا ہے لیکن محکمہ وائلڈ لائف خاموش ہے اہل علاقہ کے لوگوں نے اعلی افسران سے اپیل کی ہے کہ ایک تو جو لوگ شکار کرتے ہیں ان کے پاس لائسنس نہیں ہے اور دوسرا پرمٹ نہیں ہوتا ایک تو حکومت پاکستان کو لاکھوں کا ٹیکہ لگایا جا رہا ہے اور دوسرا قیمتی پرندوں کی نسل کو ختم کیا جا رہا ہے حکومت پاکستان نے اتنی بڑی بڑی اور قیمتی گاڑیاں دی تاکہ پاکستان میں نایاب پرندوں کی نسل کا خیال کیا جائے خیال کرنے کے باوجود ان کو جڑ سے ختم کیا جا رہا ہے لیکن نہ تو محکمہ وائلڈ لائف پوچھتی ہے اور نہ ہی کوئی ان غیر قانونی شکار کرنے والوں کے خلاف کوئی کاروائی نہیں ہوتی ذرائع کا کہنا ہے کہ فالکن کا شکار کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرنے کی بجائے ان سے حصہ لیا جاتا ہے اہل علاقہ نے اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر ڈیرہ غازی خان اور سی ایم پنجاب مریم نواز صاحبہ سے اپیل کی ہے کہ ان کرپٹ افسران کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے اور پرندوں کی نسل کشی کو بچایا جائے

عبدالرزاق گجر نے گاؤں کے بچوں سکول کے لیے کروڑوں روپے کی ذاتی جائیداد وقف کردی

عبدالرزاق گجر نے اپنے گاؤں کے بچوں کے روشن مستقبل اور حصول تعلیم کے لیے اپنی ذاتی ملکیت سے تیار اسکول کی عمارت اور ایک ایکڑ زمین وقف کر کے ایک قابل تقلید مثال قائم کی ہے



بھوانی، حب (نمائندہ خصوصی) بھوتانی عوامی کارواں بھوانی حب کے سینئر رہنما میر غلام حسین لاشاری نے وڈیرہ عبدالرزاق گجر کے تعلیم دوست اور قابل تحسین اقدام کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں میر غلام حسین لاشاری نے کہا کہ وڈیرہ عبدالرزاق گجر نے اپنے گاؤں کے بچوں کے روشن مستقبل اور حصول تعلیم کے لیے اپنی ذاتی ملکیت سے تیار اسکول کی عمارت اور ایک ایکڑ زمین وقف کر کے ایک قابل تقلید مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں جہاں بچوں کی تعلیم کے لیے بہتر سہولیات کی اشد ضرورت ہے، وہاں وڈیرہ عبدالرزاق گجر کی جانب سے اپنی ذاتی جائیداد تعلیم کے لیے وقف کرنا ان کی اعلیٰ سوچ، سخاوت اور تعلیم سے محبت کا عملی ثبوت ہے۔ میر غلام حسین لاشاری نے مزید کہا کہ گاؤں کے بچوں کو تعلیم کی سہولت فراہم کرنے کے لیے اتنی بڑی قربانی دینا نہ صرف قابل ستائش ہے بلکہ دیگر صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی ایک مثال ہے کہ وہ اپنے وسائل کو معاشرے کی بہتری اور نئی نسل کے روشن مستقبل کے لیے استعمال کریں۔ انہوں نے وڈیرہ عبدالرزاق گجر کو ان کے اس جرات مندانہ اور فلاحی اقدام پر سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوموں کی ترقی کا راستہ تعلیم سے ہو کر گزرتا ہے اور بچوں کی تعلیم پر خرچ کیا جانے والا سرمایہ درحقیقت آنے والی نسلوں کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ میر غلام حسین لاشاری نے کہا کہ وڈیرہ عبدالرزاق گجر کا یہ اقدام ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، کیونکہ تعلیم کی خدمت ہی دراصل معاشرے اور انسانیت کی حقیقی خدمت ہے۔

100 جوڑوں کی شادیوں کی تقریب 19 نومبر 2026 کو خورشید انور اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی


پنجاب فوڈ اتھارٹی کھانے کے معیار کو چیک کرے گی، جبکہ ریسکیو 1122 کی جانب سے میڈیکل کیمپ اور ایمبولینس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب کے دھی رانی پروگرام کے چوتھے مرحلے کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں تیاریوں اور انتظامات بارے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 100 جوڑوں کی شادیوں کی تقریب 19 نومبر 2026 کو خورشید انور اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ دھی رانی پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک فلاحی اقدام ہے جو سماجی تحفظ، مساوات اور باہمی ہمدردی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تقریب کے تمام انتظامات ایس او پیز کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں اور مستحق جوڑوں سمیت ان کے اہل خانہ کی سہولت اور مہمان نوازی کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تقریب کے موقع پر ٹریفک مینجمنٹ اور پارکنگ کے خصوصی انتظامات کیے جائیں، جبکہ پولیس سکیورٹی کے بہترین انتظامات یقینی بنائے۔ ستھرا پنجاب صفائی ستھرائی کے انتظامات یقینی بنائے گا، پنجاب فوڈ اتھارٹی کھانے کے معیار کو چیک کرے گی، جبکہ ریسکیو 1122 کی جانب سے میڈیکل کیمپ اور ایمبولینس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت فلور ملز مالکان کا اجلاس منعقد ہوا

عوام کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے آٹا کا 10 کلوگرام کا گرین تھیلا 1100 روپے میں فراہم کیا جا رہا ہے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت فلور ملز مالکان کا اجلاس منعقد ہوا۔ گندم کی گرائنڈنگ، آٹا کی سپلائی چین اور قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوام کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے آٹا کا 10 کلوگرام کا گرین تھیلا 1100 روپے میں فراہم کیا جا رہا ہے۔ 15 کلوگرام آٹا کے تھیلے میں بھی نمایاں کمی کی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات جاری ہیں اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں تیزی سے کمی آ رہی ہے فلور ملز مالکان عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس سمعت محمد عثمان جلیس، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر مشتاق احمد ، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم، فلور ملز مالکان شیخ محمد حسین، عبدالروف ،نوید اصغر اور دیگر موجود تھے۔

خیرات کے چاول پر دو گروپوں میں تصادم، حادثے میں دو نوجوان زخمی ہوگئے

پولیس کے مطابق دونوں نوجوان کسی گاڑی کی ٹکر لگنے سے زخمی ہوئے ہیں تاحال انکی شناخت نہیں ہوسکی ہے



نوشہرو فیروز(آئی پی ایس) خیرات کے چاول پر دو گروپوں میں تصادم، حادثے میں دو نوجوان زخمی، اسپتال منتقل، بکھری پولیس تھانہ کی حدود پیر مہر شاہ امداد بھگن کی خیرات میں چاول کھاتے ہوئے سرگانی اور گاڈھی برادری کے درمیان تصادم ہوگیا جس میں ڈنڈے، اینٹیں لگنے سے پانچ افراد زخمی ہوگئے جنہیں اسپتال منتقل کردیا ہے، دوسری طرف مورو پولیس تھانہ کی حدود میں درس رابطہ سڑک لنک روڈ پر پولیس نے بے ہوشی کی حالت میں ملنے والے دو زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا ہے پولیس کے مطابق دونوں نوجوان کسی گاڑی کی ٹکر لگنے سے زخمی ہوئے ہیں تاحال انکی شناخت نہیں ہوسکی ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

تھانہ سٹی پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری ایک شخص سے ناجائز اسلحہ برآمد

اسسٹنٹ سب اور پولیس ٹیم نے کی کاروائی کے دوران آفتاب ولد شفیق کے قبضے سے مبینہ ناجائز اسلحہ برآمد ہونے پر اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

بورے والا (صادق جانباز) ڈی پی او کی ہدایت پر تھانہ سٹی پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری، ایک شخص سے ناجائز اسلحہ برآمد، ہونے پر مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کی ہدایت پر تھانہ سٹی پولیس کے ایس ایچ او ملک کاظم حسین کی قیادت میں بورے والا کی نواحی آبادی مجاہد کالونی میں مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی ڈی پی او اور ڈی ایس پی بورے والا کی ہدایت پر ایس ایچ او کی نگرانی میں اسسٹنٹ سب اور پولیس ٹیم نے کی کارروائی کے دوران آفتاب ولد شفیق کے قبضے سے مبینہ ناجائز اسلحہ برآمد ہونے پر اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

مخدوم زادہ سید عثمان محمود سے سردار جام حبیب نواز جھلن سمیت سیاسی شخصیات کی اہم ملاقات

شرکا نے علاقے کی بہتری، عوامی فلاح و بہبود اور باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے گفتگو کی



رکن پور (نمائندہ خصوصی) مخدوم زادہ سید عثمان محمود سے سیاسی وسماجی شخصیات سردار جام حبیب نواز جھلن کی دیگر افراد کے ہمرہ ملاقات جمال دین والی سابق ایم پی اے حلقہ 264 پی پی، مخدوم زادہ سید عثمان محمود سے سابق چیئرمین یونین کونسل اقبال نگر سردار جام حبیب نواز جھلن، جام ظہور احمد جھلن، جام ربنواز جھلن اور دیگر معززسیاسی وسماجی شخصیات نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سردار کامران خان عباسی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے علاقے کی بہتری، عوامی فلاح و بہبود اور باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ اس موقع پر خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی، جس میں علاقائی معاملات اور عوامی اہمیت کے مختلف امور زیر بحث آئے۔

سابقہ ریکارڈ یافتہ ماجد حسین کا جرائم سے توبہ کا اعلان قرآن پر حلف اٹھا کر نیک زندگی گزارنے کا عزم کرلیا

موضع سوبک کے نوجوان کی عملی توبہ - ماجد حسین نے قرآن پر حلف اٹھا کر جرائم کی دنیا کو خیر باد کہہ دیا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) سابقہ ریکارڈ یافتہ نوجوان ماجد حسین کا جرائم سے توبہ، نیک زندگی گزارنے کا عزم تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹسمابہ کی حدود موضع سوبک کا رہائشی سابقہ جرائم پیشہ نوجوان ماجد حسین ولد احمد بخش نے معززین علاقہ کی موجودگی میں قرآن پاک پر حلف اٹھا کر اپنی بقیہ زندگی ہر قسم کے جرائم سے پاک گزارنے کا عہد کرلیا۔ ماجد حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسے جرائم سے دلی نفرت ہوچکی ہے اور دوران قید ہی اس نے اپنے خالق حقیقی سے سچی توبہ کرتے ہوئے آئندہ جرائم سے دور رہنے کا وعدہ کیا تھا۔ اللہ تعالی نے اس کی توبہ قبول فرماتے ہوئے اسے جیل سے رہائی عطا فرمائی۔ اب اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے رب سے کیا گیا وعدہ نبھائے اور معاشرے کا ایک مثبت اور ذمہ دار شہری بن کر زندگی گزارے۔ ماجد حسین نے مزید کہا کہ آئندہ اسے مقامی پولیس تھانہ کوٹسمابہ، ماڈل تھانہ اقبال آباد، تھانہ آباد پور، تھانہ رکن پور، سی سی ڈی پولیس سرکل رحیم یار خان وصدر سرکل رحیم یار خان ناجائز تنگ نہ کرے۔ اس موقع پر سماجی شخصیات ودیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے۔

نائی والا روڈ پر ٹف ٹائلز پر ریڑھیاں لگوانے کی اطلاعات شہریوں میں تشویش پائی جانے لگی

شہر کی خوبصورتی کے لیے تعمیر کیے جانے والے منصوبوں کا مقصد شہری سہولتوں میں اضافہ ہونا چاہیے

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ہڑپہ اسٹیشن پر نائی والا روڈ کی خوبصورتی اور شہری سہولتوں کے لیے بچھائی جانے والی ٹف ٹائلز پر مبینہ طور پر فروٹ فروشوں کی ریڑھیاں لگوانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو یہ اقدام نہ صرف روڈ کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے حکومتی مقصد کے منافی ہوگا بلکہ دکانداروں خریداروں اور عام شہریوں کے لیے بھی متعدد مسائل پیدا کرسکتا ہے حکومت پنجاب کی جانب سے تجاوزات کے خاتمے شاہراہوں کو کلیئر رکھنے اور دکانداروں کو اپنی دکانوں سے باہر سامان رکھنے سے روکنے کے اقدامات کا بنیادی مقصد شہریوں کو آمدورفت میں سہولت فراہم کرنا، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا اور بازاروں کو منظم بنانا ہے ایسے میں اگر ایک جانب تجاوزات کے خاتمے کے احکامات جاری ہوں اور دوسری جانب ٹف ٹائلز پر ریڑھیاں لگانے کی اجازت دی جائے تو اس سے حکومتی پالیسی پر عملدرآمد کے حوالے سے سوالات پیدا ہونا فطری امر ہے اہم سوال یہ ہے کہ دکانداروں اور خریداروں کو سہولت کیسے ملے گی؟ اگر نائی والا روڈ پر ٹف ٹائلز کے اوپر فروٹ فروشوں کی ریڑھیاں لگائی جاتی ہیں تو ان کے پیچھے قائم دکانوں تک خریداروں کی رسائی کیسے ممکن ہوگی؟ دکانوں پر آنے والے گاہک اپنی موٹر سائیکلیں اور دیگر سواریاں کہاں کھڑی کریں گے؟ پیدل چلنے والوں کے لیے راستہ کیسے برقرار رکھا جائے گا اور پہلے سے موجود تجارتی سرگرمیوں کو متاثر ہونے سے کیسے بچایا جائے گا؟ یہ وہ بنیادی سوالات ہیں جن پر کسی بھی فیصلے سے قبل سنجیدگی سے غور کرنا ضروری ہے شہر کی خوبصورتی کے لیے تعمیر کیے جانے والے منصوبوں کا مقصد شہری سہولتوں میں اضافہ ہونا چاہیے نہ کہ ایک مسئلے کے حل کے نام پر نئی مشکلات پیدا کردی جائیں

سابق ایم پی اے مخدوم زادہ سید عثمان محمود کی نظام آباد میں چائے کی دعوت میں شرکت

مخدوم سید احمد محمود زندہ باد، مخدوم سید مصطفیٰ محمود زندہ باد، مخدوم سید عثمان محمود زندہ باد " کے فلک شگاف نعروں سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) سابق ایم پی اے مخدوم زادہ سید عثمان محمود نے نظام آباد میں سابق وائس چیئرمین سردار جام مشتاق نوناری کی جانب سے دی گئی چائے کی دعوت میں شرکت کی۔ معزز مہمان جب ان کی رہائش گاہ پہنچے تو ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ اس موقع پر "مخدوم سید احمد محمود زندہ باد، مخدوم سید مصطفیٰ محمود زندہ باد، مخدوم سید عثمان محمود زندہ باد " کے فلک شگاف نعروں سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ سردار جام مشتاق احمد نوناری نے اپنے معزز مہمان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں آئندہ بلدیاتی الیکشن جمالدین والی کے پلیٹ فارم سے لڑوں گا۔ میرے قائد مخدوم سید احمد محمود جس حلقے سے مجھے الیکشن لڑوائیں گے میں لبیک کہوں گا۔ مخدوم سید عثمان محمود نے عوام کو جو پیار دیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے دن رات عملی خدمت کی سیاست میں وقف کیا یہی وجہ ہے کہ عوام بھی ان سے دل وجان سے پیار کرتی ہے۔ مخدوم سید عثمان محمود نے اپنے خطاب میں کہا کہ جمالدین والی کا گھرانہ عملی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتا ہے۔ اس گھرانے نے اپنے دامن کو ہمیشہ کرپشن، تعصب اور انتقامی سیاست کے داغ سے بچائے رکھا۔ میرے قائد مخدوم سید احمد محمود نے ہمیں سیاسی درس میں یہی سکھایا ہے کہ ہمیشہ عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی تمام ٹیم چاہے میرے بڑے بھائی مخدوم زادہ سید مرتضیٰ محمود ہوں، مخدوم زادہ سید مصطفیٰ محمود ہوں یا سردار حبیب الرحمان خان گوپانگ ہوں، سب مل کر اپنے اپنے علاقوں کی عوام کی خدمت میں دن رات مصروف ہیں اور انشااللہ خدمت کا یہ سفر جاری وساری رہے گا۔ جام مشتاق نوناری ہمارے بھائی ہیں، ہماری پوری ٹیم دن رات ان کے ساتھ رابطے میں ہے، یہ ہماری ٹیم کا حصہ ہیں۔ بلدیاتی الیکشن میں انہیں جمالدین والی کی مکمل سرپرستی حاصل ہوگی۔ اس موقع پر سردار مشتاق احمد نوناری نے مخدوم عثمان اکبر محمود کو سرائیکی اجرک پہنائی۔ اس تقریب میں مخدوم تیمور حسین، جام صفدر برڑہ، سردار حبیب الرحمان خان گوپانگ کے کوآرڈینیٹر سید تحسین بخاری، سردار ممتاز خان دشتی، سردار عبدالحمید خان دشتی، جمیل احمد قلندری، جام ظہور احمد دھانڈہ، جام سلیم برڑہ، ملک اکرم موہانہ اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

سرور والی سبزی منڈی میں روایتی دنگل میلے کا شاندار انعقاد، دور دراز سے پہلوانوں کی شرکت


اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ ایسے روایتی دنگل میلوں سے دیہی ثقافت، پہلوانی اور بھائی چارے کی خوبصورت روایات کو فروغ ملتا ہے۔



ڈیرہ غازی خان (عدنان مستوئی) تھانہ دراہمہ کے علاقے سرور والی سبزی منڈی میں پہلوانوں کا مقابلہ سرور والی سبزی منڈی میں پہلوانوں کا ایک میلہ ہوتا ہے سبزی منڈی کے چیئرمین عزیز خان پٹھان اور سبزی منڈی سرور والی مزدوروں کے صدر طاہر خان وڈانی اور ڈسٹرکٹ پریس کلب کے صدر ڈاکٹر مجید اللہ سہرانی حاجی ریاض جتوئی امجد خان وڈانی اصغر خان صابر خان گرمانی ملک ندیم جعفر گرمانی نزیر خان وڈانی حاجی بلال سکھانی حاجی سید فہد حسین شاہ حاجی عبدالرف کھلنگ افتخار کھلنگ شاہنواز برانہ خالد خان وڈانی خالد کھیرا تنویر المانی اکرم چوہان حق نواز گھری سجاد پہلوان ممرو واحد بخش گبول یوسف گاڑی پہلوان حبیب پہلوان پٹھان اور اس کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور دور دراز کے پہلوانوں کا استقبال کیا گیا اور اس کے علاوہ اسی طرح ہر سال میں ایک دنگل میلا ہوتا ہے اور دور دراز کے علاقے کے لوگ اس دنگل میں شریک ہوتے ہیں دنگل کی چگ سردار نظیر خان وڈانی نے چیئرمین اور صدر کو پہنائی اور آخر میں مہمانوں کو پر تکلف کھانے پینے کی چیزیں بھی پیش کی گئی اور آخر میں طاہر وڈانی اور عزیز پٹھان نے سب دوستوں کا شکریہ ادا کیا اور پہلوانوں کو انعام بھی دیا گیا

ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ پر ٹف ٹائلز کی تنصیب کے کام کا معائنہ کیا

انہوں نے واضح کیا کہ ناقص میٹریل اور کام میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور پائیدار معیار ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ملتان روڈ پر ٹف ٹائلز کی تنصیب کے کام کا معائنہ کیا اور کام مقررہ پیٹرن کے مطابق کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی نے ٹائلز کی یکساں سطح، درست الائنمنٹ، مناسب لیول، مضبوط بنیاد، معیاری بیڈنگ، یکساں جوڑ، کناروں پر مضبوط فنگ اور بہترین فنشنگ یقینی بنانے کا حکم دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بارشی پانی کی نکاسی کے لیے مناسب ڈھلوان برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناقص میٹریل اور کام میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور پائیدار معیار ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے۔

ضلع وہاڑی میں اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات جاری

ایس ایچ او تھانہ ساہوکا ملک احمد کامران نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید کاروائی کا آغاز کر دیا ہے

بورے والا (صادق جانباز) ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی ہدایات پر ضلع وہاڑی میں اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات جاری۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وہاڑی کی ہدایت پر پولیس تھانہ ساہوکا نے کارروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں محمد ندیم بٹ اور افتخار رفیق سکنائے 297 ای بی شامل ہیں، کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے 1 عدد پسٹل 30 بور اور 1 عدد رائفل 44 بور برآمد کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ ساہوکا ملک احمد کامران نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید کاروائی کا آغاز کر دیا ہے